آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز جمعہ 17 فروری 2023ء بمطابق 25 رجب المرجب 1444ھ | شمارہ نمبر 41

یوکرین کو اسلحہ کی سپورٹ کے الزامات بے بنیاد ہیں، پاکستان

بھارتی فوج کے کشمیر میں ظلم و بربریت پر پاکستان عالمی دنیا کی توجہ اس طرف دلاتا رہے گا، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان سانحہ سمجھوتا ایکسپریس کی بری پر ایک بار پھر واقعہ پر انصاف کا مطالبہ کرتا ہے، انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے ڈی جی کا دورہ پاکستان اہم ہے

بھارتی حکومت فسطائیت کی انتہاء کو پہنچ چکی ہے، بھارت میں آزادی صحافت پر دباؤ ڈالنا افسوسناک عمل ہے، زہرا بلوچ کی پریس بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ بھارتی فوج کے کشمیر میں ظلم و بربریت پر پاکستان عالمی دنیا کی توجہ اس طرف دلاتا رہے گا، پاکستان سانحہ سمجھوتا ایکسپریس کی بری پر ایک بار پھر واقعہ پر انصاف کا مطالبہ کرتا ہے، انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے ڈی جی کا دورہ پاکستان اہم ہے، اس حوالے سے پروپیگنڈا درست نہیں، پاکستان کے جوہری پروگرام کو روکنے کا معاملہ ایجنڈا پر ہے نہ ہی اس پر کوئی بات ہوئی، پاکستان اسرائیل کی فلسطین کے علاقوں میں آبادکاری کی مذمت کرتا ہے، عالمی برادری اسرائیل کی انٹرنیشنل قوانین کی خلاف ورزی پر نوٹس لے، پاکستان سے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع فجر صبح	05:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	7:00

عمرانی ٹولے نے قانون و انصاف کے نظام کا مذاق بنا رکھا ہے

وزیر داخلہ

وزیر داخلہ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی مبینہ آڈیو لیک جاری کردی، چیف جسٹس آف پاکستان آڈیو لیگ کا نوٹس لیں، ایف آئی اے آڈیو کا فورنزک کرے

عدالت کے کئی بار حکم کے باوجود عمران خان پیش نہیں ہوئے، عمران خان کو مزید مہلت نہیں دینی چاہیے، یہ لاتوں کے بھوت ہیں، اس طرح کے طریقوں سے سیدھے نہیں ہوں گے

اسلام آباد میں پولیس مقابلے میں 2 افراد کی ہلاکت کے معاملے کی جوڈیشل انکوائری ہوگی اور حقائق سامنے آجائیں گے، رانا ثناء اللہ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی مبینہ آڈیو لیک جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان آڈیو لیگ کا نوٹس لیں، ایف آئی اے آڈیو کا فورنزک کرے، اگر معاملہ مزید آگے بڑھتا ہے تو اس کو جوڈیشل کمیٹی کے پاس بھیجا جائیگا، اگر آڈیو اگر درست ہے تو پرویز الٰہی پر مقدمہ درج کیا جائے، وزارت قانون سے پوچھ کر ایف آئی اے پرویز الٰہی کو گرفتار کرے، ایسا لگ رہا ہے یہ ٹولہ عدالت کو ڈکٹیٹ کر رہا ہے، عمرانی ٹولے نے قانون و انصاف کے نظام کا مذاق بنا رکھا ہے، عدالت کے کئی بار حکم کے باوجود عمران خان پیش نہیں ہوئے، عمران خان کو مزید مہلت نہیں دینی چاہیے، یہ لاتوں کے بھوت ہیں، اس طرح کے طریقوں سے سیدھے نہیں ہوں گے، اسلام آباد میں پولیس مقابلے میں 2 افراد کی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

لاہور: وزیر اعظم شہباز شریف کی دورہ دوبئی کے موقع پر پاکستان میں ترکیہ کے سفیر محمت پاپاہوتو قونصل جنرل میجر جنرل ہیر اوزبے رخصت کر رہے ہیں

اسپیکر وپریزائڈنگ سیکرٹریٹ قائم کیا جارہا ہے، ربابہ بلیدی

صوبائی حکومت نے ای خدمات مرکز کوئٹہ کے لیے پانچ کروڑ دس لاکھ روپے جاری کردیئے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری قانون

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ سول سیکرٹریٹ کے دستیاب احاطے میں مزید دفاتر کی گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے اسپیکر، روز پر حکومت بلوچستان کا نیا سمارٹ سیکرٹریٹ قائم کیا جارہا ہے جہاں تمام

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا عمل جاری

کالج سیکشن کے سروس رولز 2020 میں ترمیم، لیکچرر اپنے متعلقہ ضلع میں ڈیوٹی دینے کا پابند ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا عمل جاری، کالج سیکشن کے سروس رولز 2020 میں ترمیم، لیکچرر اپنے متعلقہ ضلع میں ڈیوٹی دینے کا پابند ہوگا، اسسٹنٹ پروفیسر ڈویژن جبکہ پروفیسر کو صوبہ میں کہیں بھی تعینات کیا جا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بطور آرمی چیف کی پے در پے حلف کی خلاف ورزیوں کا الزام، عمران خان کا جنرل باجوہ کے خلاف فوری تحقیقات کیلئے صدر کو خط

اسلام آباد (این این آئی) سابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی جانب سے بطور آرمی چیف کی پے در پے حلف کی خلاف ورزیوں کے الزام پر چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے جنرل قمر جاوید باجوہ کیخلاف فوری تحقیقات کا مطالبہ کر دیا اس ضمن میں چیئرمین تحریک

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کراچی کے عوام کے مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے اور میئر کے انتخابات فوری کرائے جائیں

الیکشن کمیشن جیتے ہوئے امیدواروں کا نوٹی فکیشن فی الفور جاری کرے، بلاول بھٹو زرداری

کراچی میں مخصوص نشستوں کے انتخابی عمل کو بھی جلد از جلد مکمل کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام کے مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے اور میئر کے انتخابات فوری کرائے جائیں۔ جمعرات کو جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے کراچی الیکشن سیل کے انچارج نجی عالم نے زرداری ہاؤس میں ملاقات کی جس میں بلاول بھٹو زرداری کو صدر ٹاؤن کی یوسی 11 سے چیئرمین کا انتخاب جیتنے والے نجی عالم نے بلدیاتی انتخابات کی بعد کی صورت حال سے آگاہ کیا۔ بلاول

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

سوراب، مسلح افراد کی فائرنگ سے جمعیت کا رہنماء زخمی ہوگیا

کیپٹن محمد یوسف شاکر کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کردیا گیا

سوراب (این این آئی) بلوچستان کے علاقے سوراب میں نامعلوم مسلح افراد کی کار پر فائرنگ کے نتیجے میں جے یو آئی کے رہنما کیپٹن محمد یوسف شاکر شدید زخمی ہوگئے۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال سوراب میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد فوری طور پر کوئٹہ منتقل کردیا گیا، جہاں اب ان کی حالت قدرے بہتر

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ڈالر فروخت کے تاجروں کو محکمہ پولیس کی جانب سے کرایہ داری کے حوالے سے تنگ کیا جارہا ہے، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی ایکسٹینشن قیوم آغا میریا مین مینگل

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پولیس کی کاروائی پانچ سو کلو گرام چرس برآمد ملزم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس کی کاروائی پانچ سو کلو گرام چرس برآمد ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

جامعہ بلوچستان موسم سرما کی تعطیلات کے بعد 27 فروری سے دوبارہ کھلے گی

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان موسم سرما کی تعطیلات کے بعد 27 فروری سے دوبارہ کھلے گی۔ رجسٹرار جامعہ بلوچستان

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سنجاوی میں زمین کے تنازعہ پر فائرنگ سے 2 بھائی زخمی

سنجاوی (این این آئی) سنجاوی میں زمین کے تنازعہ پر فائرنگ سے 2 بھائی زخمی ہوگئے۔ لیویز کے مطابق دو مرحوم کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اسحٰق ڈار کا ترک ہم منصب سے رابطہ، زلزلہ کی تباہ کاریوں پر افسوس کا اظہار

حکومت آزمائش کی اس گھڑی میں اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حکومت اور عوام آزمائش کی اس گھڑی میں اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ترکیہ کے وزیر خزانہ ڈاکٹر نورالدین نباتی کے ساتھ ٹیلی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی کی کاروائی، مہنگا دودھ فروخت کرنے اور گرانفروشی کرنے والے 23 ڈیری فارمرز اور 12 دکاندار گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ طیبک بلوچ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب نثار احمد لانگو اور اسسٹنٹ کمشنر مسعود احمد گچکی کی زیر نگرانی پرائس کنٹرول کمیٹی نے مشرقی بائی پاس اور ملحقہ علاقوں میں مہنگا دودھ فروخت کرنے اور گرانفروشی کرنے والے دکانداروں کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے 23 ڈیری فارمرز اور 12 دکانداروں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کراچی: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیر اعظم پاکستان زلزلہ زدگان سے اظہار یکجہتی کیلئے ترکیہ پہنچ گئے

انقرہ (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف زلزلہ زدگان سے اظہار یکجہتی کے لیے ترکیہ پہنچ گئے۔ ایوی ایشن

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 31 نئے کیس رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 31 کیس رپورٹ ہوئے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن اپنے کام کے سوا باقی سارے کام کر رہا ہے، جسٹس اعجاز الاحسن

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس اعجاز الاحسن نے سی سی پی او لاہور تبادلہ کیس کی سماعت میں انتخابات کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

طاقتور کو قانون کے نیچے لانے کی بڑھکیں مارنے والا عدلیہ کا منہ چڑا رہا ہے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ عدالتی احکامات کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ہمارا مقصد دکھی انسانیت کی خدمت ہونا چاہیے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

معاشرے کی تعمیر و تشکیل میں علماء کا کردار کلیدی ہے اور ہمیں معاشرے میں بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے

علماء اور مشائخ اللہ کے نیک بندے ہیں اور اللہ کے نیک بندوں پر امتحانات اور آزمائشیں آتی رہتی ہیں، صوبائی اسمبلی میں علماء اور مشائخ کے نمائندوں سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ معاشرے کی تعمیر و تشکیل میں علماء کا کردار کلیدی ہے اور ہمیں معاشرے میں بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے علماء اور مشائخ اللہ کے نیک بندے ہیں اور اللہ کے نیک بندوں پر امتحانات اور آزمائشیں آتی رہتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی اسمبلی میں علماء اور مشائخ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی بھی اس موقع پر موجود تھے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب اللہ کے بندے ہیں اور دنیا میں اپنے اعمال کا ذمہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

تیز رفتار ڈمپر نے بریک فیل ہونے کے باعث 5 افراد جاں بحق

تیز رفتار ڈمپر بریک فیل ہونے کے باعث موٹر سائیکل اور رکشے کو کچلتا ہوا ٹرالر کے ساتھ ٹکرانے سے 2 بہنوں اور خاتون سمیت 5 افراد موقع پر جاں بحق ہوگئیں

اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی جنہوں نے زخمیوں اور نعشوں کو تحویل میں لیکر بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال منتقل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ پر طور ناصر پھاٹک کے قریب تیز رفتار ڈمپر بریک فیل ہونے کے باعث موٹر سائیکل اور رکشے کو کچلتا ہوا ٹرالر کے ساتھ ٹکرانے سے 2 بہنوں اور خاتون سمیت 5 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے تصادم کے دوران رکشہ دو ٹکڑے ہوگیا پولیس نے ڈرائیور کو حراست میں لیکر ٹرک قبضے میں لے لیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی جنہوں نے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا تفصیلات کے مطابق جمعرات کی شب کوئٹہ کے نواحی علاقے ایئرپورٹ روڈ پر طور ناصر پھاٹک کے قریب تیز رفتار ڈمپر بریک فیل ہونے کے باعث ڈرائیور سے بے قابو ہوکر رکشے اور موٹر سائیکل کو کچلتا ہوا آگے جانیوالے ٹرالر سے ٹکرا گیا حادثہ اتنا شدید تھا کہ رکشے کے دو ٹکڑے ہوگئے رکشے میں سوار 9 سالہ بچی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پودے لگانا صدقہ جاریہ ہے، ریجنل محتسب اعلیٰ شاہنواز خان کنرانی

نصیر آباد (خ ن) ریجنل محتسب اعلیٰ شاہنواز خان کنرانی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سید فاروق شاہ نے پودے لگا کر مہم کا باضابطہ طور پر افتتاح کیا اس موقع پر اپنی کنزرویٹر آف فاریسٹ نصیر آباد عبدالحکیم لہڑی نے بتایا کہ ضلع نصیر آباد میں 15 فروری سے 30 جون تک ایک لاکھ 29 ہزار دو سو پودے لگائے جائیں گے جبکہ چھ ہزار پودے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

عمران خان جیل بھرو تحریک کیلئے خود کو اور اپنے پارٹی رہنماؤں کو نہیں بلکہ ورکرز کو آگے کر رہے ہیں

عمران خان ہمت کریں اور جیل بھرو تحریک کی قیادت کریں، شیری رحمان

اپنے کارکنان کی حوصلہ افزائی کے لئے جیل جانے کی پہل کریں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عمران خان جیل بھرو تحریک کیلئے خود کو اور اپنے پارٹی رہنماؤں کو نہیں بلکہ ورکرز کو آگے کر رہے ہیں۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ تحریک انصاف نے اعلان کیا ہے کہ 200 کارکنان لاہور اور 200 پشاور میں گرفتاری دینگے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس ہے کہ عمران خان اور دیگر پی ٹی آئی رہنما کارکنان کو اپنی سیاست کا ایندھن بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی قائد ہر تحریک میں اپنے کارکنان کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

نیب ترمیم کیس کو جلد ختم کرنا چاہتے ہیں، چیف جسٹس

کیا نیب قانون کے ساتھ واضح نہیں ہے کہ کیسز منتقل ہو کر کہاں جائیں گے، جسٹس منصور علی شاہ

چیئرمین نیب کی سربراہی میں کمیٹی ہے کیسز کی متعلقہ فورمز پر منتقلی کا معاملہ دیکھ رہی ہے، وکیل وفاقی حکومت

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی قومی احتساب بیورو (نیب) ترامیم پر سماعت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ ہم کیس کو جلد ختم کرنا چاہتے ہیں۔ سپریم کورٹ میں چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منصور علی شاہ پر مشتمل تین نے نیب ترامیم کے خلاف عمران خان کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیئے کہ کیا نیب قانون کے ساتھ واضح نہیں ہے کہ کیسز منتقل ہو کر کہاں جائیں گے اس پر وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے کہا دلائل دیے کہ چیئرمین نیب کی سربراہی میں کمیٹی ہے کیسز کی متعلقہ فورمز پر منتقلی کا معاملہ دیکھ رہی ہے۔ وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ برطانیہ میں کہا جاتا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

لورالائی میں بچوں کی لڑائی کے دوران پتھراؤ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی میں بچوں کی لڑائی کے دوران پتھراؤ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لورالائی کے علاقے کلی کھاک کے مقام پر بچوں کی لڑائی کے دوران پتھر لگنے سے ایک شخص طور خان ہلاک ہوگیا لاش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کو ضروری کارروائی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے کراچی جانے والی پی آئی اے کی پرواز منسوخ ہونے کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سے کراچی جانے والی پی آئی اے کی پرواز منسوخ ہونے کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بعض مسافروں نے کراچی سے آج رات مذہبی فریضہ عمرہ کی ادائیگی کیلئے روانہ ہونا تھا وہ بھی رہ گئے۔ جمعرات کو کوئٹہ سے کراچی کیلئے جانیوالی پی آئی اے کی پرواز PK311 جس نے اپنے مقررہ وقت ڈیڑھ

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

شہر کے مسائل پر خاموشی لمحہ فکریہ ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین کی تنخواہیں نہ ملنے کی وجہ سے صفائی کا نظام درہم برہم ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد چوہدری محمد عاطف میر فاروق الاعظم مولانا جمال الدین حقانی مولانا محمد طاہر توحیدی مفتی نیک محمد فاروقی اور دیگر نے کہا کہ شہر کے مسائل پر خاموشی لمحہ فکریہ ہے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین کی تنخواہیں نہ ملنے کی وجہ سے صفائی کا نظام درہم برہم ہے، ملازمین کی جانب سے جاری ہڑتال کے باعث شہر بھر کے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر اطلاعات مشتاق خان کاکڑ سے پارلیمانی سیکرٹری ملک نعیم خان بازئی بات چیت کر رہے ہیں

یوکرین کی حمایت میں ضابطہ اپنا دفاع مضبوط کیا جائے گا

نئی دفاعی منصوبہ بندی اس حقیقت کی عکاسی کرتی ہے کہ ہم اب ایک زیادہ خطرناک دنیا میں رہتے ہیں، گفتگو

وفاقی حکومت کی رہائش گاہوں میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن فوری بند کیا جائے، مولانا عبدالواسع

برسلز (این این آئی) نیٹو ممالک کے وزرائے دفاع نے اپنے دو روزہ اجلاس کے بعد یوکرین کی حمایت میں اضافے، اپنے ڈیفنس اور دفاع کو مضبوط کرنے کیلئے مزید ہتھیاروں کی تیاری کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بات کا اعلان نیٹو ہیڈ کوارٹرز برسلز میں سیکرٹری جنرل جین اسٹولٹنبرگ نے وزرائے دفاع کے دو روزہ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزرائے دفاع کے اتحاد نے ڈیفنس اور دفاع کو مزید مضبوط بنانے کیلئے فیصلے کیے ہیں جس میں نیٹو کی دفاعی منصوبہ بندی کیلئے نئی رہنمائی شامل تھی۔ انہوں نے کہا کہ نئی دفاعی منصوبہ بندی اس حقیقت کی عکاسی کرتی ہے کہ ہم اب ایک زیادہ خطرناک دنیا میں رہتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی یہ روس کے جارحانہ رویے، دہشتگردی کے مسلسل خطرے اور چین کی طرف سے درپیش چیلنجز کے ساتھ آنے والے برسوں کیلئے صلاحیتوں میں تبدیلی کا باعث بنے گا جس سے دفاع مضبوط اور قابل اعتبار رہے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

میر عاصم کرد گیلو کی شمولیت سے بلوچستان میں پارٹی کو تقویت ملے گی، صحافی محمد علی ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) میر عاصم کرد گیلو کی شمولیت سے بلوچستان میں پارٹی کو تقویت ملے گی میر عاصم کرد گیلو کے سیاسی سماجی خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں میر عاصم کرد گیلو کو پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہے میر عاصم کرد گیلو سے ملکر پارٹی کے پلیٹ فورم سے بلوچستان کے ترقی خوشحالی کیلئے کام کرینگے میر صاحب کے سیاسی سماجی بصیرت سے انکار ممکن نہیں ان

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

زبانی اعلانات پر یقین نہیں رکھتے، وفاقی وزیر انسداد منشیات نوابزادہ شازین بگٹی

عوام کے مسائل حل کرنا اصل نصب العین ہے ہر بائی عوام کی خدمت پر فخر محسوس کرتا ہوں

ہرنائی (این این آئی) زبانی اعلانات پر یقین نہیں رکھتے۔ عوام کے مسائل حل کرنا اصل نصب العین ہے۔ ہر بائی عوام کی خدمت پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی NA259 وفاقی وزیر انسداد منشیات نوابزادہ شازین بگٹی کے حلقے ہرنائی میں اسکیمات کی منظوری و فراہمی کے بعد نالی، گلیوں کی پختگی اور سٹریٹ لائٹس لگائے جائیں گے جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری و پولیٹیکل سیکرٹری مدنی بلوچ، لیبر ونگ صدر پولیٹیکل سیکرٹری روف بابر اور کمشنر سبی ڈویژن شاہ سلیم کی ہدایت پر وفد نے ہرنائی میں مختلف مقامات کا دورہ کیا میونسپل کمیٹی ایریا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام شازیہ مری میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین میں دھماکا، خاتون جاں بحق، 3 زخمی

دھماکا ملتان ڈویژن میں چیچہ وطنی کے قریب ٹرین کی بوگی نمبر 4 میں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین کے واش روم میں دھماکا ہوا ہے جس سے ایک مسافر خاتون جاں بحق اور 3 مسافر زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دھماکا ملتان ڈویژن میں چیچہ وطنی کے قریب ٹرین کی بوگی نمبر 4 میں ہوا، چیچہ وطنی پولیس نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کردیں، زخمی اور زخمیوں کا ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ مسافروں کے مطابق دھماکا میاں چنوں سے نکلتے ہی ہوگیا تھا ٹرین کی ایمرجنسی چین کھینچتے رہے مگر عملے نے دھیان نہ دیا، دھماکا بوگی نمبر 4 کے واش

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

آصف زرداری پر سنگین الزامات، شیخ رشید کی درخواست ضمانت منظور، ہائی کا حکم

آصف زرداری کی عمران خان کے خلاف مبینہ سازش کے شواہد شیخ رشید سے نہیں ملے، تفتیشی افسر

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق صدر آصف زرداری پر عمران خان کے قتل کی سازش کے الزام سے متعلق کیس میں گرفتار سابق وزیر داخلہ اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کی درخواست ضمانت منظور کرلی۔ شیخ رشید پر قتانہ آپارہ میں مقدمہ درج ہے، شیخ رشید کو 2 فروری کو رات کے گرفتار کیا گیا تھا۔ شیخ رشید اس وقت جوڈیشل ریمانڈ پر جیل میں قید ہیں۔ جمعرات کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کی درخواست ضمانت پر جسٹس محسن اختر کیانی نے سماعت

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اجتماعی سوچ و دانش سے بڑے سے بڑے مسئلے کو حل کیا جاسکتا ہے

سپیکر قومی اسمبلی

ایس ڈی جیز 2030 کے اہداف کے حصول میں مقامی حکومتوں کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے، راجہ پرویز اشرف

جمہوری استحکام کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز کے درمیان مذاکرات ضروری ہیں، روبینہ خورشید عالم

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ مشاورت اور مل بیٹھ کر مشکل سے مشکل مسئلے کا حل تلاش کیا جاسکتا ہے، ہمارے مذہب بھی ہمیں مسائل کے حل تلاش کرنے کے لیے آپس میں مشاورت کی ضرورت پر زور دیتا ہے، جب آپ مل کر نہیں بیٹھیں گے مسائل حل نہیں ہونگے، اجتماعی سوچ اور دانش سے بڑے سے بڑے مسئلے کو حل کیا جاسکتا ہے، وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کا بنانے کا مقصد عام آدمی کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کو حل کرنا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعرات کے روز ایس ڈی جیز کے زیر اہتمام منعقدہ پائیدار ترقی کے اہداف پر قومی مکالمے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قومی مکالمے میں وفاقی وزراء، اراکین پارلیمنٹ، اسپیکر گلگت بلتستان، صوبائی اور قانون ساز اسمبلیوں کے اراکین

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوہلو سے بی این پی اجتماع میں شرکت کیلئے جانیوالی گاڑی حادثے کا شکار ہونے سے 8 افراد زخمی ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو سے بی این پی اجتماع میں شرکت کیلئے جانیوالی گاڑی حادثے کا شکار ہونے سے 8 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوہلو سے بی این پی اجتماع میں آنے والی گاڑی بھر گڑی کے مقام پر حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں 8 افراد زخمی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ہماری نوجوان نسل کا کشمیر سے رشتہ کمزور ہوا ہے جسے بڑھانا ہے، قمر زمان کائرہ

چند بینرز لگانے اور نعروں سے یقیناً مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوگا، ہمیں بہتر فیصلے کرنے کی ضرورت ہے

کشمیری جدوجہد آزادی جاری رکھ کر اپنا حق ادا کر رہے ہیں، ہمیں کشمیر پالیسی پر اپنی غلطیوں کو بھی دیکھنا ہوگا، سابق سفیر عبدالباسط

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے امور کشمیر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ ہماری نوجوان نسل کا کشمیر سے رشتہ کمزور ہوا ہے جسے بڑھانا ہے، یونیورسٹیز اور کالجز میں کشمیر ایشو پر سیمینار کروائیں گے، چند بینرز لگانے اور نعروں سے یقیناً مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوگا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے قمر زمان کائرہ نے کہا کہ ہم نے کشمیر کا مقدمہ عالمی دنیا کے ساتھ اپنی نئی نسل کو بھی بتانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل کا کشمیر سے رشتہ کمزور ہوا ہے جسے بڑھانا ہے۔ انہوں نے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

مہنگائی عروج پر پہنچ چکی اور روزگار پر آئے روز قدغنیں لگائی جارہی ہیں، پشتونخ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

17 فروری 2023ء

مہنگائی کے بے قابو جن نے غریبوں کا جینا محال کر رکھا ہے

مہنگائی کے بے قابو جن نے غریبوں کا جینا محال کر رکھا ہے، آسمان کو چھوتی ہوئی مہنگائی، بھوک وافلاس اور انتہائی شدید قسم کے غذائی بحرانوں نے عالمی سطح پر سر اٹھانا شروع کر دیا ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں مہنگائی کے آسیب نے خوفناک صورتحال سے عوام کو دوچار کر رکھا ہے۔ ملک پاکستان میں بھی مہنگائی کی شرح ساتویں آسمان پر پہنچ گئی ہے۔ تھوڑے عرصے میں روزمرہ کی چیزوں کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے۔ تعلیم، ادویات، کرایے، روزمرہ کی اشیا غریب کی دسترس سے بالاتر ہوتی جارہی ہیں۔ نہ تعلیم، نہ صحت، نہ رہائش آخر غریب کے لیے ہے کیا؟ اس بدترین مہنگائی نے خاص کر بلوچستانی عوام کا جینا حرام کر رکھا ہے افسوس کی بات ہے کہ مہنگائی نے کتنے لوگوں کو غربت کی لکیر کے نیچے لا کر چھوڑا۔ کتنے غریب ایسے ہیں جو اپنا اور اپنے بیوی بچوں کا پیٹ پالتے پالتے دنیا کی نظروں سے اوجھل ہو گئے، کتنے لوگ ہر سال مہنگائی کی وجہ سے خودکشیاں کر رہے ہیں، کتنے بچے تعلیم سے محروم ہو رہے ہیں، کتنے لوگ اپنے گردے بیچنے پر مجبور ہیں، کتنے لوگ اپنی آنکھیں بیچ رہے ہیں، کتنے والدین غربت اور مہنگائی کی وجہ سے اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ خدارا پاکستان کے حکمرانوں غریب عوام پر رحم کریں خاص کر بلوچستانی عوام کی حالت زار مدنظر رکھتے ہوئے آٹے کا بحران پر کنٹرول رکھیں یہاں ایک بوری کی آٹا کیلئے غریب اور دیہاڑی دار طبقے والے لوگ قطاروں میں انتظار کرتے کرتے مایوس ہو کر خالی ہاتھ گھر لوٹے جاتے بھوکے بچوں کے سامنے لاجواب ہو کر خودکشی کرنے پر مجبور ہوتے ہیں مزید غریب عوام کی حالت پر نظر کریں۔

اسلام کا معاشی نظام: دولت کی تقسیم (آخری قسط)

کوشر عباس

دو کالموں میں بیان کیے۔ 1.Allocation of Resources
2.Determination of Priorities,
آج ایک تیسرے اہم اصول سے متعلق چند ایک بنیادی باتیں قلم بند کرتا ہوں جسے جدید دنیا Distribution of Wealth کے نام سے جانتی ہے۔ یہ بھی کوئی نئی دریافت نہیں ہے بلکہ جب سے انسان اس دنیا میں آیا ہے وہ اس اصول کو برت رہا ہے لیکن اسلام کا یہ طرۂ امتیاز ہے کہ اس نے اس اصول کو زیادہ کارآمد بنایا اور جب نبی کریمؐ نے ریاست مدینہ کی بنیاد رکھی تو اس اصول کو نچلی سطح سے لے کر اعلیٰ سطح تک لاگو کیا۔ دولت کی تقسیم سے کیا مراد ہے؟ جدید معیشت میں اس تعریف یوں کی گئی ہے:
Distribution of wealth and the way in which the income wealth and income of a nation are divided among its or the way in population which the wealth and income of the world are divided among nations.
اس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ دولت کسی ایک جگہ مرتکز ہونے کی بجائے گردش میں رہے تاکہ امیر، امیر تر اور غریب، غریب تر نہ ہو بلکہ ہر کسی کو حصہ بقدر جثہ اور محنت ملتا رہے اور یہی مقصد اسلام نے بیان کیا ہے۔ سورۃ الحشر میں جہاں ریاست کو حاصل ہونے والی آمدنی کے مصارف بیان کیے گئے وہاں یہ الفاظ بطور خاص اہمیت کے حامل بھی ہیں اور جدید معیشت کے ماتھے کا جھومر بھی ہیں کہ "دولت صرف امیروں کے درمیان گردش نہ کرتی رہ جائے"۔ آپ دولت کی تقسیم کے ضمن میں لکھی گئی تمام کتابوں کا نچوڑ نکالیں، پھر بتائیں کہ کیا وہ اسلام کے دیئے ہوئے اسی اصول کی تشریحات نہیں ہیں؟ اگر کوئی اس نظام کو ریاست میں نافذ نہ کرے تو اس میں قصور اسلام کا نہیں بلکہ ذمہ داران کا ہے۔ چونکہ نبی کریمؐ دولت کے ارتکاز کے نقصانات اور دولت کی گردش کے فوائد سے آگاہ تھے لہٰذا آپ نے جب ریاست مدینہ کی بنیاد رکھی تو دولت کی گردش یا تقسیم کار کو انفرادی، اداروجاتی اور ریاستی سطح تک متعارف کرایا اگر انفرادی سطح کی بات کی جائے تو نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا کہ کسی انسان کے گناہ گار ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنی دولت ان لوگوں تک پہنچنے سے روک لے جن تک اسے وہ دولت پہنچانا ضروری تھا۔ دولت کی تقسیم کے ضمن میں آپ کا یہ فرمان مبارک ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے کہ تمہاری دولت پر سب سے پہلے تمہارا حق ہے، پھر تمہارے اہل و عیال کا، پھر رشتہ داروں کا اور اس کے بعد معاشرے کے دوسرے نادار اور مستحق لوگوں کا یعنی ڈسٹری بیوشن آف ویلتھ کا عمل انسان کی اپنی ذات سے شروع ہو کر معاشرے کے تمام افراد تک پھیلا ہوا ہو۔

اگر قرآن وحدیث کا مطالعہ کیا جائے تو جابجا والدین، اولاد، رشتہ داروں، مسافروں، یتیموں، مسکینوں اور دیگر طبقات تک دولت کی فراہمی اور تقسیم کی ہدایات اور اصول وضوابط سے متعلق تعلیمات موجود ہیں، بلکہ اسلام کا یہ طرۂ امتیاز ہے کہ اس نے دولت کی تقسیم کے عمل کو صرف انسان کی زندگی کے ساتھ ہی خاص نہیں کیا بلکہ مرنے کے بعد بھی اس کی وراثت اور دولت کی تقسیم کا طریقہ کار بتایا۔ اگر اداروجاتی سطح کی بات کی جائے تو سورۃ الحشر کی آیت نمبر 39 کے ضمن میں فرمایا کہ انسان کے لیے اتنا ہی ہے جتنی وہ کوشش کرے، یعنی کسی انسان کی مزدوری کو اس کی کوشش کے ساتھ خاص کر دیا کہ انسان کو اس کی محنت کے مطابق معاوضہ ادا کیا جائے۔ اس آیت کے شارۃ النص سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگر کوئی ریاستی ادارہ ہے تو اس کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ کسی بھی فرد کو دولت تقسیم کرتے ہوئے اس کی محنت کو مدنظر رکھے، اسی طرح ریاست کا یہ فریضہ ہے کہ وہ مختلف نجی داروں میں بھی اس بات کو یقینی بنائے، یعنی اگر کسی فرد کو اس کی محنت سے کم یا زائد معاوضہ مل گیا تو دولت کی تقسیم کے اصول کے خلاف ہے اور اس سے دولت کے ارتکاز کو تقویت ملے گی جبکہ دولت کے گردشی عمل کو نقصان پہنچے گا، بلکہ سورۃ الذاریات کی آیت نمبر انیس میں اس امر کو بھی واضح کیا کہ ریاست اور لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ دولت کو سائل اور محروم تک پہنچائے۔ سائل وہی ہوتا ہے جو سوال کرے اور جو سوال کرے گا وہ تو سب کے نوٹس میں آجائے گا لیکن کچھ لوگ شرم وحیا کی وجہ سے سوال نہیں کرتے تو ایسے لوگوں کو اسلام نے "محروم" کا نام دیا ہے اور کہا ہے کہ ان تک بھی دولت کی گردش کا عمل جانا چاہیے اور اگر کوئی فرد اس عمل میں کوتاہی کرتا ہے تو ریاست اسے یقینی بنائے گی جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے منکرین زکوٰۃ کو مجبور کیا اور ان سے جنگ کی تاکہ ریاست کا بنیادی اصول "ڈسٹری بیوشن آف ویلتھ" کسی صورت متاثر نہ ہو اور معاشرے میں غربت کی وجہ سے کسی بھی ممکنہ جرم کے پنپنے کا کوئی امکان باقی نہ رہے۔

گھٹ کر مر جائیں، یہ مرضی صیاد کی ہے!

چودھری خادم حسین

وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے دو روز قبل صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات کی اور ان کو ملک کی معاشی حالت اور آئی ایم ایف وفد سے ہونے والی ملاقات کے حوالے سے اعتماد میں لیا، اب پتہ چلا ہے کہ وزیر خزانہ نے یہ بھی بتایا تھا کہ شرائط منظور کر لینے کی وجہ سے حکومت کو فوری اقدامات کرکے بعض ٹیکس لگانے اور کچھ میں ترامیم کے لئے منی بجٹ لانا ہوگا، مذاکرات کی اہمیت کے پیش نظر سٹاف لیول والے معاہدے کے لئے جلدی بھی ضروری ہے لہٰذا حکومت آرڈیننس کے ذریعے منی بجٹ نافذ کرنا چاہتی ہے۔ صدر مملکت نے آرڈیننس والی تجویز سے اتفاق نہ کیا اور انکار کر دیا اسی کے بعد جلدی میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاس بلائے گئے تھے جہاں سے واضح اکثریت کی بنا پر بجٹ کسی بحث کے بغیر منظور کرالینا ممکن ہے، قومی اسمبلی میں تو حزب اختلاف فرینڈلی ہے اور کسی رکاوٹ کا امکان نہیں البتہ سینیٹ میں اپوزیشن کی طرف سے مزاحمت ہوگی، لیکن یہاں بلڈوزر سے کام لیا جائے گا۔ قارئین! جس وقت یہ سطور لکھی جارہی ہیں اس وقت تک اجلاس شروع نہیں ہوئے، یہ شام کو ہونا ہیں اس لئے جب آپ یہ سطور پڑھ رہے ہوں گے تو ایوانوں میں بحث چھڑ کر ان کے نتائج بھی آ چکے ہوں گے۔

اس منی بجٹ کے حوالے سے سرکاری تجاویز تو پہلے ہی منظر عام پر آچکی ہیں اور چیدہ چیدہ ٹیکسوں کا بھی ذکر ہو چکا ہے اس لئے اس بجٹ کی لوٹ کا غیر ضروری ہے کہ اس کے ذریعے اگر جنرل سیلز ٹیکس میں ایک فی صد اضافہ ہوگا تو اس کا بوجھ براہ راست عوام (صارفین) پر پڑے گا۔ اگر پٹرولیم لیوی میں اضافہ ہوگا تو بھی یہی طبقات متاثر ہوں گے جو غربت اور لوئر مڈل کلاس سے تعلق رکھتے ہیں، سیگریٹوں پر ٹیکس بڑھا بھی دیا گیا کسی کو اعتراض نہیں ہوا کہ تمباکو پہلے ہی مضر صحت قرار پا چکا ہے، لیکن باقی جو بھی ٹیکس لگایا جائے گا اس سے عوام ہی متاثر ہوں گے۔ وزیر خزانہ نے تو اپنی طرف سے تسلی دی ہے کہ سامان تعیش پر ٹیکس میں اضافہ ہوگا، ابھی اس کی تفصیل سامنے نہیں آئی، اگر اس سے مراد کاریں وغیرہ ہیں تو یہ کمپنیاں سمجھدار ہیں اور پہلے ہی تھوڑا تھوڑا کرکے کئی لاکھ روپے تک گاڑیوں کی قیمت بڑھا چکے ہوئے ہیں۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ آج 15 فروری ہے، پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں پر نظر ثانی اب تک ہو جانا چاہئے تھی لیکن ایسا نہیں کیا گیا شاید بجٹ کا انتظار کیا گیا ہو گا کہ نتائج کیا برآمد ہوتے ہیں۔ پٹرول پمپوں پر بھی گذشتہ رات کوئی بھیڑ نہیں تھی اور گاڑیوں والے بھی اطمینان سے پٹرول لے رہے تھے۔ یوں راوی چین لکھ رہا تھا، میرے ناقص علم میں تو یہ آیا ہے کہ تیل درآمد کرنے والی کمپنیوں نے اس مرتبہ کوئی خطرہ محسوس نہیں کیا ان کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں کو نہیں چھیڑا جائے گا کیونکہ اس بار قیمت میں اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ البتہ ان پر جو لیوی بڑھائی جائے گی اس کے اثرات ان پر ہی پڑیں گے کہ یہ صارف کا اپنا سر درد ہے، ان کے یقین کے مطابق اس بار صرف لیوی بڑھے گی اور یہ وصولی عوام سے ضرور ہوگی لیکن اسے قومی خزانے میں جانا ہے یہ لیکس میں اضافہ ہوگا اور مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوگا لہٰذا پٹرولیم روک لینے کا جواز نہیں تھا۔

جو کچھ بھی ہونا ہے اب تک ہو چکا ہوگا، ہمارے تاجر اور معیشت کار بڑے "مہربان" ہیں کہ وہ اپنا منافع بھی بڑھاتے جارہے ہیں اور مزید بڑھا لیں گے، متاثر تو سفید پوش اور غربت کی لکیر کے نیچے والا ہوگا جو پہلے ہی تنور سے روٹی 25 روپے میں خرید رہا ہے جو اب اور بھی مہنگی ہونے کا خدشہ ہے مرغی (برائلر) کا گوشت لاہور میں بھی 580 تک پہنچ گیا ہے، باقی اشیاء خوردنی کے نرخ بھی بڑھ رہے ہیں یوں مہنگائی کا ایک "نیا سونامی" شروع ہو چکا بلکہ ساحلی دیواروں سے بھی ٹکرا چکا ہے۔ اب عام لوگوں میں ہمت نہیں رہی، اس مہنگائی اور بھوک کے اثرات کیا ہوں گے، ان کا بھی علم ہو ہی جائے گا۔

معاشی حالات کسی سے مخفی نہیں ہیں، ہر کوئی جانتا اور اثر بھی لے رہا ہے، اگر کسی کو کوئی فکر نہیں تو یہ اشرافیہ ہے اس کے دم قدم سے شہروں کی رونق ہے، چمکتی دمکتی کاریں سڑکوں پر رواں دواں رہتی ہیں۔ مہنگے ریستورانوں میں جگہ نہیں ملتی اور میزبان کی طرف سے انتظار کے لئے کہا جاتا ہے، یوں اگر کوئی متاثر نہیں ہوا یا نہیں ہو رہا تو وہ یہی طبقہ ہے۔ مجھے یاد آیا کہ آج ہی میں نے مرزا منور بیگ کی ایک پوسٹ دیکھی اس میں انہوں نے طبقہ اشرافیہ کا ذکر کیا ہے۔ ہمارے محترم بھی اشرافیہ کی بات کرتے تھے کہ محترم اور قابل احترام وزیراعظم نے تو قومی اشرافیہ سے قربانی بھی مانگ لی ہے اور کہتے ہیں کہ اب اشرافیہ کو قربانی دینا ہوگی۔ اسی حوالے سے مرزا نے سوال اٹھایا ہے کہ 1965ء کی پاک بھارت جنگ ہو یا کوئی اور قومی مسئلہ یہ طبقہ اشرافیہ اپنے بچاؤ کی فکر کرتا ہے۔ مجھے یاد آیا کہ جب بھارت نے حملہ کیا اور خبر پھیل گئی تو عام آدمی عالمی سرحدوں کی طرف بھاگ اٹھا اور پرجوش نعرے لگاتا رہا، ان کو روکنا ایک مسئلہ بن گیا کہ یہ جنگ گولہ بارود اور جدید ہتھیاروں کی تھی، اس طبقہ نے بعد میں ٹیڈی پیسہ ایک ٹینک سکیم کے تحت اپنی جمع پونجی حتیٰ کہ زیورات تک قربان کر دیئے تھے اور جب تک مسلح افواج سرحدوں پر رہیں ان حضرات نے پھلوں اور مٹھائیوں کی صورت میں خدمت میں کوئی کسر نہ چھوڑی جبکہ راوی کے پل پر ٹریفک جام تھی۔ اشرافیہ دریا پار بھاگ رہی تھی، ان کی کاروں کے پیچھے "Crush India" نمایاں تھا۔ ملک یا کسی بھی برادر ملک پر کوئی آفت آئے یہی طبقہ کام آتا اور قربانی دیتا ہے، اسی لئے تو عوام پوچھتے ہیں کہ مگی سیلاب فنڈ اور اب ترکیہ اور شام کی امداد کے لئے وزیراعظم اور عمران خان سمیت ہمارے لیڈروں اور اشرافیہ کے دوسرے طبقات نے کیا خدمت کی اس کی تشہیر تو کی جائے کیونکہ سیلاب آیا تب بھی ایک ایک ماہ کی تنخواہ کا اعلان ہوا، اب ترکیہ کے لئے بھی وہی فارمولا ہے جبکہ عمران خان کیمپ سے ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا گیا جیب سے کچھ نہیں دیا، سیلاب کے لئے ٹیلی تھون کا فنڈ کتنا تھا کہاں خرچ ہوا، سوالیہ نشان، اسی طرح وزیراعظم فنڈ اور دوست ممالک کی امداد کا حکومت نے حساب نہیں دیا۔

اے موج بلا ذرا ان کو بھی

ریاست بچاؤ" کے سلوگن کے تحت اسلام آباد میں ایک دھرنا دیا جس میں نوجوانوں کے ساتھ ساتھ خواتین، بچوں اور بوڑھوں کی بہت بڑی تعداد موجود تھی ۔۔۔ شدید سردی، دھند اور بارش میں بھی ہزاروں افراد کا دلجمعی سے بیٹھے رہنا بلاشبہ پاکستانی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش باب ہے۔ ایک دھرنا مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں دیا گیا جسے آزادی مارچ کا نام دیا گیا لیکن وضاحت نہیں کی گئی کہ یہ آزادی کس سے مانگی جارہی تھی شاید عمران خان کی "ناجائز اور حرام" گورنمنٹ ان کا ہدف تھی جسے گرا کر مولانا نے ثواب کمالیا لیکن عوام کا کچھ بھلا نہ ہوا کیونکہ عام آدمی کو آج تک مہنگائی، بیروزگاری، لوڈشیڈنگ اور مسائل سے آزادی نہیں ملی مزے کی بات یہ ہے کہ آج حکومت چلانے کی خواہش والے ماضی میں ایسی صورت حال کے خلاف تھے اور آج ماضی کے حکمران دھرنا کی فیوض وبرکات کے حق میں دلیلیں دیتے دکھائی دیتے تھے۔ بہرحال ان تمام احتجاجی تحریکوں سے عوام کا تو کچھ فائدہ نہیں ہوا نتائج کے اعتبار سے یہ ناکام ہوگئیں ویسے دیکھا جائے تو پاکستان کی سیاسی تاریخ کے ہر منظرنامہ میں اپوزیشن نے برسر اقتدار حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک چلانے کی کوشش ضرور کی جب تک نوابزادہ نصراللہ خان حیات تھے انہوں نے چھوٹی پارٹیوں کو بھی بڑی جماعتوں کے شانہ بشانہ احتجاجی سیاست کی رونق بنائے رکھا جس سے ان کے گلشن کا بھی کاروبار چلتا رہا اور انہیں نوآموز اور نومولود پرجوش کارکن میسر آتے رہے نوابزادہ نصراللہ خان کے بعد کسی اور کو یہ "ہنر" نہ آیا بلکہ ان کے جانشین اپنے مرحوم والد کی سیاسی میراث کو ایک پارٹی میں مدغم کرکے سیاست سے ایسے "فارغ" ہوئے کہ اب کوئی انہیں پوچھتا بھی نہیں اور نصف صدی تک سیاسی تحریکوں کا مرکز ومحور PDP کا دفتر آجکل انڈا بازار بنا ہوا ہے یہ بھی ہوسکتا تھا نوابزادہ کے لواحقین یہ جگہ خرید کر ان کے نام پر وقف کر دیتے اور یوں ایک قومی وسیاسی یادگار کی حیثیت سے پہچانی جاتی۔۔۔ دراصل اہلیت نہ ہو تو بہانے بہت سوجھتے ہیں۔۔۔ بہرحال ملکی سیاست میں ایک طلاطم آنے کو ہے جسے کئی لوگ پیالی میں طوفان سے تشبیہ دیتے ہیں تو کئی باسی کڑھی میں ابال قرار دے رہے ہیں جو کچھ بھی ہے اس سے ایک سال سے جمود کا شکار سیاست میں ہلچل کے آثار نظر آنے لگے ہیں جب سے الیکشن ہوئے ہیں عمران خان واحد سیاستدان تھے جنہوں نے میاں نوازشریف سے "آڈھا" لگا رکھا تھا دوسرے فرزند راولپنڈی شیخ رشید کا دم غنیمت ہے جنہوں نے ہمیشہ اس حکومت کو آڑے ترچھے ہاتھوں لیا بہرحال اب میاں نوازشریف کی حکومت کے خلاف مخالفین آہستہ آہستہ اکٹھا ہونا شروع ہوگئے ہیں گذشتہ دنوں شیخ الاسلام پروفیسر طاہرالقادری کی میزبانی میں لندن میں چوہدری برادران اور دیگر رہنماؤں نے گرینڈ الائنس بنانے پر اتفاق کرلیا شنید ہے اس میں تحریک انصاف، عوامی مسلم لیگ، ایم کیو ایم، جماعت اسلامی کو بھی شمولیت کی دعوت دیدی گئی ہے کچھ مذہبی جماعتوں نے بھی طاہرالقادری کی حمایت کا اعلان کردیا ہے جو ایک دوسرے کی بیساکھیاں استعمال کرکے "پیالی میں طوفان" لانے کے متمنی ہیں عمران خان اور پروفیسر طاہرالقادری کے علاوہ کسی کے پاس سٹریٹ پاور نہیں عمران خان پارلیمنٹ کے اندر، پروفیسر طاہرالقادری پارلیمنٹ کے باہر ہیں اس لئے ان کی ترجیحات اور سیاسی معاملات جدا جدا ہیں جو گرینڈ الائنس کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں اس میں کوئی شک نہیں سیاسی بے چینی، مہنگائی، بیروزگاری، لوڈشیڈنگ اور عروج پر ہے اس کے باوجود سیاسی ماحول گرم ہونے کی کوئی امید تو نظر نہیں آرہی تھی لیکن اب خود حکومت نے پکڑ دھکڑ، چیخ وپکار، بغاوت کے مقدمہ، منہاج القرآن سیکرٹریٹ کا محاصرہ، تحریک انصاف کے کارکنوں کی اندھا دھند گرفتاریاں کرکے مائع اقدامات لوگوں کے پاس کھانے کو روٹی نہیں، روزگار نہیں، بجلی نہیں حالات نے غریبوں کو ادھ موا کرکے رکھ دیا ہے حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک کیونکر کامیابی سے ہم کنار ہوگی یہ تو وہی بات ہوئی نا تجھے اٹھکیلیاں سوجھتی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں ماضی میں چلنے والی حکومت مخالف تحریکیں نتائج کے اعتبار سے یہ ناکام ہوگئیں کہ عوام کو کسی بھی لحاظ سے ریلیف نہیں ملا صرف یہ ہوا ایک حکمران گیا اس کی جگہ نیا آگیا نظام تبدیل ہوا نہ عوام کے حالات اور نہ ہی سسٹم میں کوئی بہتری ہی آسکی مولانا فضل الرحمن کے ساتھ ساتھ میاں نوازشریف اور سابق صدر زرداری بھی کہنے لگے ہیں کہ الیکشن میں دھاندلی ہوئی اسی لئے عمران خان کو سلیکٹڈ وزیراعظم کا خطاب دیا تھا لیکن اب میاں شہباز شریف وزیراعظم بن کر بھی کبھی سوچ کر بولتے ہیں پھر بولتے بولتے خاموش ہوجاتے ہیں شاید ان کی یہ سوچ ہو کہ میں کس مصیبت میں پھنس گیا ہوں معیشت کا برا حال ہے مہنگائی اور ٹیکسز کی بھرمار سے عوام بدحال ہوچکے ہیں عام انتخابات ہوگئے تو ہمارا کیا بنے گا؟ عمران خان کے حامی تو ہمیں پہلے ہی امپورٹڈ وزیراعظم کہہ کہہ کر اپنا کلیجہ ٹھنڈا کر رہے ہیں شیخ رشید کا تو ہمیشہ سے یہ کہنا ہے کہ میاں شہباز شریف وکٹ کی دونوں جانب کھیلتے ہیں اسی لئے ان کی کسی بات پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا بہرحال عمران خان کی صورت میں اپوزیشن ایک کے بعد ایک ملکی سیاست میں ایک طلاطم لانے کی کوشش کررہی ہے ۔ ایک سیاسی بزرجمہر کا کہنا ہے مولانا فضل الرحمن ہمیشہ استعمال ہوتے ہیں جب سے وہ اقتدار سے باہر ہوئے ہیں ان کی باسی کڑھی میں بار بار ابال آتا ہے وہ بھی مایوس اور ناامید ہونے کے باوجود اپنی شکست تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہیں کیونکہ یہی بات تو یہ ہے کہ جن لوگوں نے ہمیشہ اقتدار کو انجوائے کیا ہے اب اپوزیشن کا مزہ چکھا ہے تو ان کی چیخیں نکل رہی ہیں کسی کو اسلام یاد آگیا ہے کوئی اسلام آباد اسلام آباد پکار رہا ہے اقتدار کے ساحل پر موجوں کا نظارہ کرنے والوں کیلئے ضروری نہیں کہ ہر وقت ان کی چاروں گھی میں رہیں استاد قمر جلالوی نے شاید ایسے موقعہ کیلئے ہی کہا تھا اے موج بلا ذرا ان کو بھی دو چار تھپیڑے ہلکے سے کچھ لوگ ابھی تک ساحل پہ موجوں کا نظارہ کرتے ہیں۔

احمد نظم منقبت نظم اور غزل کے عہد ساز شاعر

مدثر اقبال بٹ

حفیظ تائب
جنہیں فراموش نہیں کیا جاسکتا
الٰہی! شاد ہوں میں تیرے آگے ہاتھ پھیلا کر
میری اس کیفیت کو اپنی رحمت سے پذیرا کر
میری بھیگی ہوئی پلکیں مخاطب ہیں تو بس تجھ سے
میری تقدیر کے تاریک غاروں میں اجالا کر
میرے چاروں طرف ہے رقص وحشت روک
دے اس کو میرے اندر جو دشمن بڑھ رہا ہے اس کو
پسپا کر حفیظ تائب پنجابی، اردو، فارسی، عربی اور انگریزی زبانوں کے شناور تھے۔ پنجابی، اردو اور فارسی ادبیات کا گہرا مطالعہ رکھتے تھے۔ بلاشبہ وہ حمد، نعت، منقبت، نظم اور غزل کے عہد ساز شاعر تھے۔

14 فروری 1931 کو پشاور، صدر میں اپنے ننھیال میں پیدا ہوئے جبکہ ان کے آباؤ اجداد کا تعلق ضلع گوجرانوالہ کے قصبے احمد نگر سے تھا۔ پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج کے شعبہ پنجابی سے وابستہ رہے۔ بعدازاں اسسٹنٹ پروفیسر کے طور پر ریٹائر ہوئے۔ 1994 میں حکومت پاکستان کی طرف سے تمغہ حسن کارکردگی ملا۔ بحیثیت نعت گو اس اعزاز کو پانے والے وہ پہلے شاعر تھے۔ اس عظیم اور عہد ساز نعت گو نے 13 جون 2004 کو اس دنیا سے پردہ کیا۔ کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ لوح مزار پہ آپ ہی کے لافانی قصیدے آیۂ نور کے یہ اشعار رقم ہیں:

قبر میری بحق ختم رسلؐ
ہو فراخ و معنبر و پرنور
سائبان کرم ہو سر پہ مرے
سر میدان حشر یوم نشور
آخرت کے سبھی مراحل میں
میرے نزدیک تر ہوں میرے حضورؐ

احمد ندیم قاسمی انہیں پاکستان کے سب سے بڑے نعت گو ہونے کا اعزاز دیتے ہیں۔ بحیثیت انسان جہاں وہ ولی کامل مقبول ومنظور بارگاہ مصطفیؐ اور مجسم نعت تھے، وہاں انہیں جہان نعت گوئی میں عصر حاضر کے مجتہد، امام وپیشوا کا رتبہ بھی حاصل ہے۔ کم عمری میں شعر گوئی کا آغاز کرنے والے حفیظ تائب نے ابتدا غزل لکھنے سے کی۔ لیکن جب وہ صنف نعت کی طرف متوجہ ہوئے تو غزل گوئی ان کی ترجیحات سے خارج ہوگئی۔ تاہم بعدازاں نسیب کے نام سے ان کا مجموعہ غزلیات بھی منظر عام پہ آیا۔ انہوں نے قومی وملی نظمیں اور ترانے بھی لکھے۔ مدحیہ اور رثائی نظمیں بھی قلمبند کیں۔ حمد ومنقبت کو بڑی مہارت کے ساتھ شائستہ وشستہ انداز میں تخلیق کیا۔ صنف نعت کو عروج پر پہنچایا۔ اردو اور پنجابی میں نعت کی شاندار روایت قائم کی۔

ڈال کر ایک نظر روح کی پہنائی میں
اس خرابے کو چمن زار بنائے جاتے
اس خنک شہر کو جاتی ہوئی اے نرم ہوا
ساتھ لے جا مرے جذبات بھی جاتے جاتے

اپنی شعری جمالیات میں نظموں کو برتنے کا فن نمایاں کرنے والے حفیظ تائب کی نعتوں میں نہ صرف صوتی حسن ہے بلکہ معنوی جمال بھی ہے۔ شعری جمالیات میں نظموں کی صوتی تکرار سے آہنگ وترنم تخلیق کرتے ہیں۔ عروضی اعتبار سے دو جہان معنی پیدا کرتے ہیں۔ حضوری کی کیفیات میں سرشاری کی لذت عیاں کرتے ہیں۔ ان کے اسلوب و انداز میں شستہ و متمدن ذائقہ ہے۔ حفیظ تائب کی نعتیہ غزل ہو یا نعتیہ آزاد نظم، نعتیہ قصیدہ ہو یا نعتیہ مثلث، نعتیہ ہی حرفی ہو یا نعتیہ سانیٹ ہمیں اس میں جدت وندرت، قادر الکلامی، عقیدت و بلاغت اور سچے دل کی سچی صداقت ملتی ہے۔

اترتی دیکھوں سحر روز ان کے قدموں میں
دعائے نیم شبی میں ہو یہ اثر اے کاش
سفر عدم کا جو درپیش ہو مجھے تائب
دیار نور کی خوشبو ہو ہم سفر اے کاش

عطاالحق قاسمی نے بڑی خوبصورت بات کہی ہے، وہ کہتے ہیں: حفیظ تائب نے صرف نعت نہیں کہی، اپنی زندگی نعت کی طرح گزاری بھی ہے۔ حفیظ تائب کی نعت گوئی میں اصناف سخن کے جتنی تجربات کی بوقلمونی اور اسلوبیاتی حسیت کی شیرینی ملتی ہے جو ان کی شعری جمالیات کو اور بھی اثر پذیر بنا دیتی ہے۔ انہوں نے جدید وقدیم صنف سخن کی ہر ہیت میں طبع آزمائی کی اور بڑی کامیابی سے سرخرو ہوئے۔ وہ عشق رسولؐ کا اظہار اتنی روانی اور آہنگ سے کرتے ہیں کہ من و تو کا فرق مٹ جاتا ہے۔ وہ لفظوں کو برتنے کا ہنر جانتے ہیں، جذبوں کو اجالنے کا وصف رکھتے ہیں۔ وہ اپنے والہانہ پن سے سہل ممتنع اور اعلیٰ فنی محاسن کو نبھاتے ہیں۔ ان کے ہاں خیالوں کی روانی ہے۔ جذبوں کی فراوانی ہے۔ انکسار و گداز کا امتزاج ہے۔ پنجابی نعت گوئی میں حفیظ تائب نے گرانقدر اضافہ کیا ہے۔ اردو میں تو ان کا فن اور بھی فزوں تر ہے۔

آتی ہے نظر پیکر جہاں میں تری تنویر
ہر نقش کو کرتی ہے اجاگر تری سیرت
ہر رہ پہ مرا ہاتھ لیے ہاتھ میں اپنے
چلتی ہے میرے ساتھ برابر تری سیرت

خواجہ محمد زکریا ان کی نعت کو بہت زیادہ وسعت، تنوع اور تاثراتی گہرائی کی حامل قرار دیتے ہیں۔ وہ حفیظ تائب کی نعت کو مجزانہ انداز تخلیق کہتے ہیں جبکہ ڈاکٹر سید عبداللہ انہیں گلشن نعت کا بلبل خوش نوا کہتے ہیں۔ بلاشبہ حفیظ تائب کی نعتیہ شاعری فنی وفکری حوالے سے اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔

اک پتھری سہی میرا وجود
پھر بھی اس آئنہ تک پہنچوں
ایسے انجام سفر تک پہنچوں

ڈاکٹر حسین فراقی کا خیال ہے حفیظ تائب کے یہاں حالی کی سی شرافت اور دردمندی اور اقبال کا سا گداز پایا جاتا ہے۔ جبکہ پروفیسر جلیل عالی کا بیاں ہے اردو نعت گوئی کے سلسلے کو وسعت دینے اور آگے بڑھانے میں حفیظ تائب صاحب نے اتنا اہم کردار ادا کیا ہے کہ احمد ندیم قاسمی نے بجا طور پر انہیں اردو نعت کا امام قرار دیا ہے۔

میں یہ سمجھوں گا کہ آنکھوں کی نمی کام آگئی
آپؐ کی راہ میں جو میری زندگی کام آگئی
بے سروسامانیوں میں حاضری ہوتی رہی
شہر رحمت سے مری دل بستگی کام آگئی

جناب حفیظ تائب کی نعت گوئی ہمارے لیے سرمایہ افتخار ہے۔ ان کی عقیدت بے لوث و بے غرض ہے۔ نعتیہ شاعری میں انہیں ممتاز ومنفرد مقام حاصل ہے۔ ان کے کلام میں خلوص و سچائی، سادگی و اثاریت ہے۔ انہیں مناسب و موزوں الفاظ برتنے کا ہنر آتا ہے۔ ان کا بے ساختہ پن غیر ارادی ہے جس میں تکلف وتصنع کا شائبہ تک نہیں۔ بات دل سے نکلتی ہے اور دل پہ اثر کرتی ہے۔ ان کے ہاں حسن ترکیب بھی ہے اور کمال کا حسن التزام بھی۔ بے ساختہ پن بھی ہے اور رواں دواں مانوس سکور بھی:

شوق باریاب ہو گیا
واکرم کا باب ہو گیا

انہوں نے پنجابی اور ہندی بحروں میں ہی کمال فن کے نمونے نہیں چھوڑے بلکہ انہیں اردو نعت میں بھی کمال روانی سے برت کر نئے زاویے آشکار کیے ہیں۔ آرائش عروس فن تو کوئی ان سے سیکھے۔ ان کی نعتیہ شاعری وضاحت وبلاغت سے عبارت ہے۔ نعت گوئی میں کوئی ان کا ثانی نہیں۔ انہوں نے صنف نعت کو اس طرح سے اپنایا کہ اسے ثروت مند کیا۔ اوج کمال تک پہنچانے کے لئے بڑی ریاضت کی۔

چادری

شال بقیہ 1

یوکرین کو اسلحوی سپورٹ کے الزامات بے بنیاد ہیں، پاکستان کی پوزیشن اس معاملے پر واضح ہے، پاکستان اور امریکا کے درمیان اچھے مذاکرات ہوئے، پاکستان ایران گیس پائپ لائن پر ایران سے رابطے میں ہے، پاکستان اپنے ہمسایوں سے اچھے تعلقات کا خواہاں ہے، پاکستان کے اپنے ہمسایوں سے تعلقات باہمی اعتماد پر مبنی ہیں، سابق وزیراعظم عمران خان کے دورہ روس کی کہانی ایک پرانی کہانی ہے، اس پر ہمارے سابق ترجمانوں نے تفصیل سے روشنی ڈالی ہے، روسی سفیر کے انٹرویو کا نوٹس لیا ہے، بھارت میں برطانوی نشریاتی ادارے کے دفاتر پر بھارتی چھاپے آزادی صحافت پر حملہ ہیں، بھارتی حکومت فسطائیت کی انتہا کو پہنچ چکی ہے، بھارت میں آزادی صحافت پر دباؤ ڈالنا افسوسناک عمل ہے۔ ممتاز زہرا بلوچ نے ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ انٹرنیشنل اٹامک انرجی ڈی جی کا دورہ پاکستان اہم ہے، اس حوالے سے پروپیگنڈا درست نہیں، آئی اے ای اے ایک سویلین ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیوکلیئر پاور اور توانائی کی پیداوار کے بارے معاملات پر بات چیت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسرائیل کے فلسطین کے علاقوں میں آبادکاری کی مذمت کرتا ہے، عالمی برادری اسرائیل کی انٹرنیشنل قوانین کی خلاف ورزی پر نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سمجھوتہ ایکسپریس سانحہ کی بری پر ایک بار پھر واقعہ پر انصاف کا مطالبہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج کی کشمیر میں ظلم و بربریت پر پاکستان عالمی دنیا کی توجہ اس طرف دلاتا رہے گا، پاکستان کشمیریوں کی آواز پوری دنیا میں پہنچاتا رہے گا۔

شال بقیہ 2

بلاکت کے معاملے کی جوڈیشل انکوائری ہوئی اور حقائق سامنے آجائیں گے۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان نے کہا کہ میڈیا پر ایک آڈیو لیک چل رہی ہے، بدنیت عمرانی ٹولے کا کمانڈر اس میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس آڈیو لیک پر یہی کہنا چاہتا ہوں کہ میاں نواز شریف کے حوالے سے آڈیو سامنے آتی رہی ہیں جس میں ارشد ملک جج نے حقیقت بیان کی کہ کس طرح مجھ سے فیصلہ کرایا گیا اور کس طرح سزا دلوائی گئی، اس وقت کے چیف جسٹس کا باقاعدہ ذکر کیا، اس پر کوئی ایکشن نہیں ہوا، اسی طرح سے اور بھی ایک دو مواقعوں پر آڈیوز سامنے آئیں تاہم ان پر کسی قسم کے ایکشن کا نہ ہونے سے اس بات کو شہ ملی ہے کہ پرویز الٰہی کس دیدہ دلیری سے ملک کی سب سے بڑی عدالت کو چیلنج کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ فلاں کیس فلاں جج کے پاس لگوانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس آف پاکستان سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس معاملے کا نوٹس لیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ میں نے ایف آئی اے کو یہ ٹاسک سونپا ہے کہ وہ اس بات کا جائزہ لیں اور وزارت قانون سے رائے لیکر چوہدری پرویز الٰہی کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کیا جائے، اس آڈیو کی فورنزک سب سے پہلے ہونی چاہیے، دوسرے صاحب کے بارے میں بھی معلوم ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ فورنزک میں آڈیو درست ہونے پر مقدمہ درج کر کے تحقیقات کیں جائیں اگر بات آگے بڑھتی ہے تو چیف جسٹس سپریم کورٹ یا جوڈیشل کمیٹی کے پاس یہ معاملہ بھیجا جائے تاکہ عدلیہ کے ادارے کا احترام یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں کہا کہ ان لوگوں نے بھی اسٹیبلشمنٹ کے کندھوں پر بیٹھ کر ملک کا بھٹہ بنایا تو اب عدلیہ کا کندھا استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ایسے رویے کیخلاف چیف جسٹس سپریم کورٹ کو نوٹس لینا چاہیے۔ ایک سوال کے جواب میں عمران خان نے عدالت میں ایسا رویہ اختیار کر کے باور کروایا ہے کہ وہ عدالت کو ڈکٹیٹ کر رہا ہے، کبھی کوئی اور کبھی کوئی درخواست دیکر مہلت حاصل کی جاتی رہی، بار بار عدالت اور معزز جج کے طلبی حکم اور یہ وضاحت کے عدالت پیش ہونے تک ریلیف نہیں مل سکتا، اس کے باوجود عمران خان کی جانب سے پیش نہ ہونا ایک سوالیہ نشان ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کی عزت و احترام لازم ہے، عدلیہ کا احترام سب سے بڑھ کر ہے کیونکہ عدالت نے ہی انصاف کا بول بالا کرتے ہوئے دیگر عدالتوں کی عزت کی حفاظت کرنی ہوتی ہے۔ وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان نے کہا کہ عدالت عالیہ کے فیصلے کے بعد عمران خان کی گرفتاری لازمی ہو چکی ہے، تفتیشی ٹیم کو اس بارے میں قانون کے مطابق معاملات کو آگے بڑھانا چاہیے، ایک روز سے عدالت کا وقت ضائع کیا گیا، عدالت کے احترام میں کمی لانے اور مذاق اڑانے کی کوشش کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کوئی طریقہ کار ہے، کس طرح سے ملک میں نظام کا مذاق اڑایا جارہا ہے، یہ انتہائی تشویشناک ہے۔

شال بقیہ 3

سرکاری ریکارڈ کو محفوظ بنانے کے لئے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے زیر انتظام آفیشل ڈیٹا بنک قائم کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ محمد طیب لہڑی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا جنہوں نے پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کو آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ میں جاری منصوبوں کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی، ڈاکٹر رابیہ خان بلیدی نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع میں ای خدمات مراکز قائم کئے جائیں گے جہاں ایک ہی چھت تلے عوام کو لوکل ڈومیسائل، برتھ، میرج، رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ڈرائیونگ لائسنس، اسٹامپ پیپر سمیت تمام ضروری دستاویزات ملیں گی صوبائی حکومت نے ای خدمات مرکز کوئٹہ کے لیے پانچ کروڑ دس لاکھ روپے جاری کردیئے ہیں اور آئندہ ایک سے ڈیڑھ ماہ کے دوران سول سیکرٹریٹ سے متصل یہ ای مرکز فعال کردیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اندرون بلوچستان کے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ وہ ای مراکز کے قیام کے لئے مناسب مقامات کی نشاندہی کریں تاکہ عوامی سہولیات کے ان مراکز کا دائرہ کار پورے صوبے تک وسیع کیا جاسکے، ان تمام ای سینٹرز کا مرکزی ڈیٹا سنٹر نیو سمارٹ سیکرٹریٹ میں بنایا جائے گا جہاں اس مقصد کے لئے چالیس ہزار فٹ اراضی مختص کی گئی ہے ان مراکز سے عوام کو روزمرہ دستاویزات سمیت 135 خدمات آفیشل سروسز فراہم کی جائیں گی ڈاکٹر رابیہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جاری ترقیاتی منصوبوں سے عوام کی مشکلات کا ازالہ ہوگا اور انہیں مقامی سطح پر بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔

شال بقیہ 4

دار ہیں اللہ تعالیٰ زمین پر عدل و انصاف کو پسند کرتا ہے ہم پر آنے والے سیلاب زلزلے اور وبائیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہماری آزمائش ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے اور ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ظالم کے دفاع اور مظلوم کے حق میں آواز نہ اٹھانے والی قومیں تباہ ہو جاتی ہیں جو لوگ اپنے بچوں کے مستقبل کی خاطر دوسرے کے بچوں کا مستقبل خراب کرتے ہیں وہ اپنے بچوں کا مستقبل بھی بھی نہیں بنا سکتے انہوں نے کہا کہ عزت اور ذلت اللہ کے ہاتھ میں ہیں یہ میرے ایمان کا حصہ ہے کہ تمام فیصلے میرٹ پر کروں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے نظام قدرت میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے اور جنہیں اللہ تعالیٰ پر توکل ہوتا ہے انہیں کوئی خوف نہیں ہوتا ہمیں انسانیت کے رشتے کو سب سے زیادہ مقدم رکھنا چاہیے اور ہمارا مقصد دکھی انسانیت کی خدمت ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 5

صدیقہ اور اسکی بہن 6 سالہ نامعلوم جبکہ محمد یوسف بی بی روزیہ اور تاج محمد موقع پر جاں بحق ہوگئے حادثے میں فضل محمد اور ناصر شدید زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی جنہوں نے زخمیوں اور نعشوں کو تحویل میں لیکر بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال منتقل کردیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈرائیور بس دوست کو گرفتار کر کے ٹرک قبضے میں لے لیا اور مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

شال بقیہ 6

گا۔ سیکریٹری جنرل نیٹو نے کہا کہ وزرائے دفاع نے دفاعی صنعتی صلاحیت کو بڑھانے اور اپنے اسلحے اور گولہ بارود کے ذخیرے کو بھرنے کے طریقوں پر بھی بات کی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اتحادیوں نے یوکرین کے وزیر دفاع اولیکسی ریزنکوف سے ملاقات کی تاکہ زمینی صورتحال اور یوکرین کی انتہائی فوری فوجی ضروریات پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ اسٹولٹن برگ نے نیٹو کے اتحادیوں کی جانب سے یوکرین کیلئے کیے گئے تعاون کے وعدوں کا خیر مقدم کیا جس میں مزید بھاری ہتھیاروں اور فوجی تربیت شامل ہیں۔ انہوں نے نیٹو کے جامع امدادی پیکیج میں اہم شراکت کیلئے اتحادیوں کا شکریہ بھی ادا کیا جو یوکرین کو خوراک، ایندھن، طبی سامان، اینٹی ڈرون سسٹم اور پانی اور بجلی پر باندھے جانے والا پل فراہم کر رہا ہے۔ اس کے ساتھ ہی وزرائے خطرے سے دوچار دیگر شراکت داروں، بوسنیا ہرزیگووینا، جارجیا اور مالڈووا کیلئے تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔

شال بقیہ 7

ہے کہ اگر کسی معاملے کا فیصلہ نہ کرنا ہو تو اس کو کمیٹی میں بھجوادیں، نیب آرڈیننس 2019 کے تحت 41 افراد بری ہوئے تھے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ اس کیس میں عدالت خود کو 2022 کی نیب ترامیم تک ہی محدود رکھے گی۔ وکیل نے کہا کہ عمران خان کی درخواست میں حقائق درست انداز میں نہیں بتائے گئے، درخواست میں درخواست گزار کو نیب ترامیم کے آئین کی شقوں سے متصادم کے متعلق بتانا ہوتا ہے۔ وکیل مخدوم علی خان نے دلائل دیے کہ عمران خان کی درخواست میں نوٹ 47 قانونی سوالات ہیں، ان 47 قانونی سوالات میں صرف 4 میں نیب ترامیم کے ساتھ آئینی شقوں کا حوالہ دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 8

کہا کہ مختلف یونیورسٹیز اور کالجز میں کشمیر ایشو پر سیمینار کروائیں گے۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ کشمیر ہمارا مسئلہ ہے، ہم سے زیادہ کشمیر کا مقدمہ کشمیریوں نے زندہ رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے جدوجہد آزادی میں اپنی جانوں کی قربانیاں دی ہیں، دنیا میں قومیں صدیوں لڑ کر آزاد ہوئیں، کشمیر پر ہمیں کتنی طویل جنگ لڑنا پڑی ہم لڑتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کسی حکومت کا ایشو نہیں پوری قوم کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی جمہوری حکومت میں کشمیر ہر لپک نہیں دکھائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ چند بینرز لگانے اور نعروں سے یقیناً مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں پانچ لاکھ دو ہزار افیس کے بعد تبدیلیاں لا رہا ہے، خصوصی حیثیت ختم کرنے کے بعد بھارت کشمیر کا جغرافیہ تبدیل کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر اکثریت کو اقلیت میں بدل رہا ہے، ہمیں بہتر فیصلے کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط پاکستان ہی دنیا میں اپنا اور کشمیر کا مقدمہ موثر انداز میں لڑ سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کی بنیادی لڑائی کشمیر پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی حکومتیں اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں ہندو مسلم مقدمہ نہیں انسانیت کا مقدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت انسانیت پر مظالم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا پکا پکا کشمیر مقدمہ کے ساتھ ہے۔

شال بقیہ 9

ملک کو ڈیجیٹل بنانے میں ای سی او کلب کے کردار کی تعریف کی۔ سٹ میں مختلف ممالک کے سفراء، وفاقی وزراء، تاجروں اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے بھی حاضرین سے خطاب کیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ پرامن اور سازگار ماحول کاروبار کے فروغ کے لیے لازم ہے تاہم، بدقسمتی سے حالیہ برسوں میں پاکستان میں ناسازگار ماحول کی وجہ سے کاروباری برادری بالخصوص غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسائل کو حل کرنے کے لیے جمہوریت کا تسلسل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک کے خلاف پھیلائی جانے والی اس انفارمیشن کے خلاف بیانیہ تیار کرنے کی ضرورت ہے اور حکومت کو اس بیانیہ کی تشکیل کے لیے مرکزی کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال کی تائید کی کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کا براہ راست تعلق ملکی سلامتی سے ہوتا ہے۔

شال بقیہ 10

سکتا ہے۔ سیکریٹری کا جزبائیر اینڈ ٹیلیکمیونیکیشن نے نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ ڈائریکٹر کا جزبائیر اینڈ ایکویپمنٹ کے ام جاری ہونے والے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ سروسز رولز میں ذیل تبدیلیوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سیکشن (B-17) اپنے متعلقہ ضلع، اسسٹنٹ پروفیسر (B-18) اپنے ڈویژن جبکہ پروفیسر (B-19) کو صوبہ بھر میں کہیں بھی تعینات کیا جاسکتا ہے، بالخصوص اضلاع میں گریڈ (B-17) میں تعیناتیاں بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے تحت کی جائیں گی نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ سات یوم کے اندر مجوزہ ترامیم کا ڈرافٹ دفتر ہذا میں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ نوٹیفکیشن کی کاپی پی ایس ٹو سیکریٹری ایس اینڈ جی اے ڈی حکومت بلوچستان، پی ایس ٹو سیکریٹری کا جزبائیر ایجوکیشن و دیگر حکام کو ارسال کردی گئی ہے۔

شال بقیہ 11

ٹوئٹ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے ترکیہ میں زلزلے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر ڈاکٹر نورالدین نیاتی سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیر خزانہ نے یقین دلایا کہ اس مشکل وقت میں ہر طرح کی امداد کا تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور اس کے عوام آزمائش کی اس گھڑی میں اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ڈاکٹر نورالدین نیاتی نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا شکریہ ادا کیا اور زلزلہ زدگان کے لیے فوری امداد اور ضروری مدد بھیجنے پر حکومت پاکستان کی تعریف کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کی کابینہ کی ملاقات میں ترک صدر نے زلزلہ متاثرین کے لیے پاکستان کی جانب سے فراہم کی جانے والی امداد کو بے حد سراہا ہے۔

شال بقیہ 12

مرکزی انجمن تاجران چمن کے صدر ملک بہادر خان ترین سید باری آغا ملک اکرم کاکڑ حاجی سعداللہ اچکزئی حاجی حاشم کاکڑ عبدالخالق آغا حاجی قنبر کاکڑ حاجی حمداللہ ترین دوست محمد آغا حاجی خدائے دوست خرم اختر حاجی ودان علی کاکڑ عطا محمد کاکڑ تنویر آغا حاجی محمد یونس نقیب کاکڑ عزیز بازہ، قاہر ترین عنایت دورانی شکور شیخی عبدالعلی دمڑ احسان کاکڑ صدر ڈرائی فروٹ ایسوسی ایشن کے صدر سید فوت آغا صدر پولیس پلازہ عبداللہ نورزہ حاجی حسن اچکزئی حاجی سکندر کاکڑ و دیگر نے مشترکہ بیان کہا ہے پولیس پلازہ ڈرائی فروٹ کے تاجروں کو محکمہ پولیس کی جانب سے کرایہ داری کے حوالے سے تنگ کیا جا رہا ہے اور دکاندار ہمیشہ سے ہر ماہ اپنا کرایہ جمع کرتے ہے لیکن محکمہ کی جانب سے کچھ ماہ سے دوکانداروں کو تنگ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے پولیس کی جانب سے بات ہے کہ ہم کرایہ بڑھائینگے۔

شال بقیہ 13

ڈاکٹر فرحت اقبال کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق جامعہ بلوچستان موسم سرما کی تعطیلات کے بعد 27 فروری سے دوبارہ کھلے گی جامعہ میں تعلیمی سرگرمیاں کلاسز 13 مارچ 2023 سے شروع ہوں گی جبکہ یونیورسٹی کے ہاسٹلز 10 مارچ 2023 کو کھلیں گے۔

شال بقیہ 14

ذیلی شاخ خانزئی دمڑ قوم کے دفاتر چمن جن کا زمین پر تنازعہ چلا آرہا تھا ایک فریق نے ریکوڈ کے مقام پر فیلڈ گاڑی میں گھر جاتے ہوئے دو بھائی عبداللہ جان اور عبدالرحمان پر فائرنگ کردی جس سے دونوں بھائی زخمی ہوگئے لیویز نے زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15

بی پولیس کوئٹہ غلام اظہر میمن، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ذوہیب محسن کی ہدایت پر پولیس تھانہ ایئر پورٹ نے کارروائی کرتے ہوئے دوران تلاشی بس میں سوار آصف علی نامی شخص سے 5 سو گرام چرس برآمد کر کے بس کو بھی قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

شال بقیہ 16

کو جن میں نان بائی، پرچون فروش، بیکری شاپ اور مرغی فروخت کرنے والے شامل تھے ان کو حراست میں لے لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب نثار احمد لانگو نے کہا کہ پرائس کنٹرول کمیٹی دودھ اور دیگر اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں خود ساختہ مہنگائی کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں دیتی اور جو لوگ اس عمل میں مصروف پائے گئے ان کے خلاف اسی طرح کی کارروائیاں بغیر کسی تعطل کے جاری رہیں گی واضح رہے کہ اسسٹنٹ کمشنر سریاب نثار احمد لانگو اور ان کی ٹیم عوامی شکایات پر گزشتہ دو دنوں سے مختلف علاقوں کا دورہ کر رہی ہیں اور مہنگے داموں دودھ اور دیگر اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف ایکشن لے رہی ہیں۔

شال بقیہ 17

انصاف نے صدر مملکت اور افواج پاکستان کے سپریم کمانڈر ڈاکٹر عارف علوی کو خط لکھ دیا، جنرل قمر جاوید باجوہ کی جانب سے حلف کی خلاف ورزیوں کی تفصیلات بھی صدر مملکت کو ارسال کردی گئیں۔ خط میں بطور سپریم کمانڈر سابق آرمی چیف کے خلاف فوری تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا۔ عمران خان نے کہا کہ گزشتہ چند روز کے دوران عوامی سطح پر نہایت ہوشربا، انکشافات ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منظر عام پر آنے والی معلومات سے واضح ہوتا ہے کہ جنرل باجوہ اپنے حلف کی صریح خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے ہیں۔ خط میں کہا گیا کہ جنرل باجوہ نے جاوید چوہدری کے روبرو اعتراف کیا کہ "ہم عمران خان کو ملک کیلئے خطرہ سمجھتے تھے"۔ جنرل باجوہ نے یہ بھی اعتراف کیا کہ "ہمارے خیال میں اگر عمران خان اقتدار میں رہے تو ملک کو نقصان ہوگا"۔ جنرل باجوہ کی جانب سے "ہم" کے لفظ کا استعمال تحقیق طلب ہے۔ عمران خان نے کہا کہ تحقیق کی جائے کہ جنرل باجوہ کی جانب سے استعمال کئے گئے اس "ہم" سے کیا مراد ہے، جنرل باجوہ کو یہ اختیار کس نے دیا کہ وہ منتخب وزیراعظم کے اقتدار میں رہنے کے باعث ملک کے لئے خطرناک ہونے کے حوالے سے فیصلہ کریں۔ عمران خان نے کہا کہ یہ فیصلہ صرف اور صرف عوام کا ہے کہ وہ کسے وزیراعظم منتخب کرنا چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 18

جھنوز زرداری نے کہا کہ کراچی کے عوام کے مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے اور میئر کے انتخابات فوری کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن بیٹھے ہوئے امیدواروں کا فوری نوٹیفکیشن فی الفور جاری کرے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں مخصوص نشستوں کے انتخابی عمل کو بھی جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر بلدیاتی الیکشن کے اگلے انتخابی عمل میں تاخیر ہوئی تو پاکستان پیپلز پارٹی احتجاج کا حق رکھتی ہے۔

شال بقیہ 19

بتائی جاتی ہے، واقعہ کے خلاف عوامی حلقوں میں شدید تشویش، سوراب پولیس کی ناقص کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار، تفصیلات کے مطابق بدھ کے شام 8 بجے کے قریب سوراب بازار لنک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے بے یو آئی کے مقامی رہنما محمد یوسف شاکر میروانی کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں محمد یوسف شاکر تین گولیاں لگنے سے زخمی ہوگئے، انہیں فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال سوراب میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا جہاں اب ان کی حالت قدرے بہتر بتائی جاتی ہے، واقعہ کی اطلاع جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی اور لوگ بڑی تعداد میں ہسپتال پہنچ گئے۔

شال بقیہ 20

ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کے خصوصی طیارے نے ترکیہ کے انقرہ ایئرپورٹ پر لینڈ کیا۔ ترکیہ کے حکام کی جانب سے وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستانی وفد کا انقرہ ایئرپورٹ پر استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم پاکستانی عوام کی طرف سے ترکیہ اور شام سے تعزیت کا اظہار کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف اور طیب اردوان ترکیہ کے تباہ شدہ علاقوں کا دورہ کریں گے۔

شال بقیہ 21

تناظر میں ریمارکس دیئے کہ الیکشن کمیشن اپنے کام کے سوا باقی سارے کام کر رہا ہے اور الیکشن میں حائل رکاوٹوں پر تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ جمعرات کو جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس سید مظاہر علی اکبر نقوی پر مشتمل سپریم کورٹ کے دو رکنی بینچ نے غلام محمود ڈوگر کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت کے طلب کرنے پر سماعت کے دوسرے حصے میں چیف الیکشن کمشنر بھی سپریم کورٹ میں پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز میں جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کہ سپریم کورٹ کا حکم تھا اس کے باوجود ہی پی او کو تبدیل کیوں کیا گیا؟ غلام محمود ڈوگر کا تبادلہ کرنے کی اتنی جلدی کیا تھی؟ پنجاب حکومت کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ غلام محمود ڈوگر کا دوسری مرتبہ تبادلہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی اجازت سے کیا گیا۔ عدالت نے کہا کہ افسران کی تبدیلی میں الیکشن کمیشن کا کیا کردار ہے، کمیشن کا کردار انتخابات کے اعلان ہونے کے بعد ہوتا ہے۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے کہا کہ صوبے میں نگراں حکومت آنے کی وجہ سے الیکشن کمیشن سے اجازت لی گئی۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ آئین کے مطابق نگراں حکومت آنے کے بعد 90 دنوں میں انتخابات ہوتا ہیں۔

شال بقیہ 22

باوجود عمران کا عدالت میں قانون کے سامنے پیش نہ ہونا اس ملک کے نظام عدل و انصاف کے منہ پر طمانچہ ہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں کہا کہ "طاقتور کو قانون کے نیچے لاؤں گا" کی بڑھکیں لگانے والا اس ملک کی عدلیہ کا منہ چڑا رہا ہے اور سب خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ جنگل میں بھی کوئی قانون ہوتا ہے۔

شال بقیہ 23

اور 09 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ جمعرات کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 890 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 31 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح اس مدت میں کورونا ٹیسٹ کی مثبت شرح 63.0 فیصد رہی۔ اس دوران کورونا وائرس سے ایک مریض جاں بحق ہوا جبکہ 09 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ ملک بھر کے مختلف شہروں میں 24 گھنٹوں کے دوران کیے گئے ٹیسٹوں میں سے گجرات میں 324 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 3 مریضوں کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 93.0 فیصد رہی۔

شال بقیہ 24

کا جائزہ لیا۔ جہاں پر اسٹریٹ لائٹ، ٹائی اور قمقی کی ضرورت تھی۔ وہاں کا سلیمٹ بنایا گیا۔ انکے مطابق بہت جلد ترقی اسکیمات پر کام شروع ہوجائیگا۔

شال بقیہ 25

خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی آرگینائزر ممبر سید داد آغا علمدار ایڈوکیٹ کے صدر صحافی محمد علی ہزارہ جنرل سیکریٹری سید رحیم شاہ سیکریٹری انفارمیشن محمد اسحاق علی ہزارہ حاجی تقی سید ذوالفقار آغا سید مرزا آغا حاجی جعفر ہزارہ و دیگر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماں نے اپنے ایک مشترکہ اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی پاکستان میں بسنے والے تمام برادر اقوام کا واحد سیاسی سماجی جماعت ہے جس نے تمام برادر اقوام کے ساتھ ہونے والے ظلم و ناانصافیوں پر بروقت آواز بلند کیا۔

شال بقیہ 26

تسلیم کئے جائیں گے عقیدہ و عقیدہ والشامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ریجنل منتخب اعلیٰ شاہنواز خان کھرانی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سید فاروق شاہ نے کہا کہ پودے لگانا صدقہ جاریہ ہے عوام اس قومی مہم میں بڑھ چڑھ کر اپنا فرض ادا کریں۔

شال بقیہ 27

قیادت کرتے ہیں، یہاں پارٹی قائد اور دیگر خود ضمانتیں لے رہے اور کارکنان کو جیل جانے کا کہہ رہے ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ عمران خان ہمت کریں اور جیل بھرو تحریک کی قیادت کریں، اپنے کارکنان کی حوصلہ افزائی کے لئے جیل جانے کی پہل کریں۔ انہوں نے کہا کہ کیا آئے روز عدالت سے میڈیکل گراؤنڈ پر حفاظتی ضمانت لینے والوں کے کہنے پر لوگ جیل جائے گے؟۔ شیری رحمن نے کہا کہ عدالت بلائے تو کہتے ہیں ڈاکٹر نے آرام کا مشورہ دیا ہے، آصف علی زرداری ہسپتال سے عدالتوں میں پیش ہوتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کیلئے الگ اور دوسروں کیلئے الگ قانون کا سلسلہ اب بند ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 28

روم میں ہوا۔ ترجمان ریلوے بابر علی نے بتایا کہ جعفر ایکسپریس میں دھماکا سلیپر کے پھٹنے سے ہوا، مسافر اپنے سامان میں سلیپر چھپا کر باتھ روم میں لے کر گیا تھا۔ بابر علی کے مطابق ایس پی ریلوے بیچ وقتی پیچ کر واقعہ کا جائزہ لیں گے۔

شال بقیہ 29

مقامی حکومتوں کے عہدیداران، دانشور، سول سوسائٹی اور میڈیا کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ایک روزہ قومی مکالمہ قومی اسمبلی کی ایس ڈی جیز پر قائم ٹاسک فورس اور یورپی یونین کے پراجیکٹ LEAD FOR SDGs کے تعاون سے کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز نے کنوینر ایس ڈی جیز پارلیمانی ٹاسک فورس روبینہ خورشید عالم کی طرف سے قومی، صوبائی اور مقامی سطح پر منتخب نمائندوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کو سراہتے ہوئے کہا کہ مقامی حکومتیں عام آدمی کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بہترین پلیٹ فارم ہے اور اس مکالمے میں مقامی حکومتوں کے نمائندوں کی شرکت خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل کے لیے قومی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کے مابین رابطہ کاری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کا مقصد پارلیمنٹ سے صوبائی اسمبلیاں، ڈسٹرکٹ کونسل اور یونین کونسل تک یہ فوائد پہنچنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی تقدیر سیاسی ورکر ہی بدل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل ورکر سیاسی ورکر میں بہت معمولی فرق ہوتا ہے، سیاسی ورکر اور سوشل ورکر عوام کی فلاح و بہبود اور مسائل کے حل کے کام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا بہتر بنانے میں سیاسی اور سوشل ورکرز لوکل باڈیز اور صوبائی اسمبلیاں اپنی جمہوریت دیکھتی ہیں۔

شال بقیہ 30

ناکام ہو چکی ہے، عوام کو تعلیم، صحت، روزگار، پینے کا صاف پانی میسر نہیں، جن عوامی شعبوں کو ماضی میں بحال کر کے عوامی خدمت پر مامور کیا گیا تھا آج وہ ادارے مکمل مفلوج بنا دیے گئے اور عوامی خدمت کی بجائے کرپشن و کمیشن کو اولین ترجیحات میں رکھا گیا ہے۔ پارٹی کے علاقائی کانفرنسز کے انعقاد سے پارٹی کی تنظیمی سیاسی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔

شال بقیہ 31

ہوئے جنہیں ہس

امپورٹڈ حکمرانوں نے ملک کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے، قاسم سوری

امپورٹڈ حکمرانوں نے ملک کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے اور ملک تکنیکی طور پر ڈیفالٹ ہو چکا ہے

اسوقت ملک کی اصل سیاسی و جمہوری طاقت چیئرمین عمران خان ہیں اور پاکستان کے عوام کی اکثریت ان کے ساتھ ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف وومن ونگ کوئٹہ کی صدر صفیہ کاکڑ کی سربراہی اور ان کی ٹیم تہمینہ یوسف، پشتانہ کاکڑ وغیرہ کے زیر اہتمام ضمنی انتخابات حلقہ این اے 265 کوئٹہ ٹو سے امیدوار پاکستان تحریک انصاف صوبائی صدر بلوچستان قاسم خان سوری کی انتخابی مہم کے حوالے سے وومن ورکرز کنونشن کا اہتمام کیا گیا۔ کنونشن کا اہتمام سینئر نائب صدر سید صادق آغا کی رہائشگاہ پر کیا گیا، پروگرام میں صدر وومن ونگ بلوچستان سابق رکن قومی اسمبلی منور وزیر نے بھی شرکت کی، کنونشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر و سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا کہ امپورٹڈ حکمرانوں نے ملک کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے اور ملک تکنیکی طور پر ڈیفالٹ بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

خاران، کمشنر خشاب طارق الرحمٰن بلوچ سابق تحصیل ناظم میر جمعہ کبدانی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صوبائی حکومت اور عوامی نمائندوں کی مبینہ عدم توجہی کے باعث کوئٹہ میں مسائل کا انبار لگ گیا

دعووں کے باوجود گنجان آباد علاقے سریاب روڈ کی تعمیر کا کام بھی سست روی کا شکار ہو گیا

اسٹریٹ لائٹیں نہ ہونے کی وجہ سے چوری ڈکیتی کی وارداتیں بڑھنے سے لوگ خوف وہراس میں مبتلا ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی حکومت اور عوامی نمائندوں کی مبینہ عدم توجہی کے باعث کوئٹہ میں مسائل کا انبار لگ گیا، دعووں کے باوجود گنجان آباد علاقے سریاب روڈ کی تعمیر کا کام بھی سست روی کا شکار ہو گیا، اسٹریٹ لائٹیں نہ ہونے کی وجہ سے چوری ڈکیتی کی وارداتیں بھی بڑھ رہے ہیں جس کی وجہ سے لوگ خوف وہراس میں مبتلا ہو گئے ہیں، عوامی حلقوں نے حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے گنجان بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او شہید منظور تھانہ کے اہلکاروں کی کاروائی اشتہاری ملزم سمیت 7 افراد کو حراست میں لے لیا

مختلف کارروائیوں کے دوران ایک گاڑی اور 5 موٹر سائیکلوں کو 550 میں ضبط کر لیں، قاسم رودینی

کوئٹہ (این این آئی) ایس ایچ او شہید منظور تھانہ کے اہلکاروں کی کاروائی اشتہاری ملزم سمیت 7 افراد کو حراست میں لے لیا جبکہ ایک گاڑی اور 5 موٹر سائیکلوں کو 550 میں ضبط کر لیں۔ ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اختر مہیسر کی ہدایت، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ذوہیب حسن صاحب زیر سرپرستی، ایس پی سریاب راشد زبیری کی زیر نگرانی ڈی ایس پی آصف غفور، ایس ایچ او منظور شہید محمد قاسم رودینی نے اشتہاری/مفرور ملزمان و مشتبہ افراد کے خلاف ذیل بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

امپورٹڈ حکمرانوں نے ملک کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے، صفیہ کاکڑ

ملک تکنیکی طور پر ڈیفالٹ ہو چکا ہے، ضلعی صدر پاکستان تحریک انصاف وومن ونگ کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) ضلعی صدر پاکستان تحریک انصاف وومن ونگ کوئٹہ صفیہ کاکڑ کی سربراہی اور ان کی ٹیم تہمینہ یوسف، پشتانہ کاکڑ وغیرہ کے زیر اہتمام ضمنی انتخابات حلقہ این اے 265 کوئٹہ ٹو سے امیدوار پاکستان تحریک انصاف صوبائی صدر بلوچستان قاسم خان سوری کی انتخابی مہم کے حوالے سے وومن ورکرز کنونشن کا اہتمام کیا گیا، کنونشن کا اہتمام صوبائی سینئر نائب صدر پاکستان تحریک انصاف بلوچستان سید صادق آغا کے آفس انصاف ہاؤس سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

پیٹرولیم منصوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ

مہنگائی کے طوفان نے غریب عوام کی زندگی اجیرن بنا دی

اوتھل نامہ نگار) پیٹرولیم منصوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ، مہنگائی کے طوفان نے غریب عوام کی زندگی اجیرن بنادی غریب عوام دو وقت کھانے کے لیے محتاج ہو کر رہ گئے، دیہاڑی دار طبقہ مہنگائی سے سخت پریشانی کا شکار، تفصیلات کے مطابق پیٹرول منصوعات کی قیمتیں بڑھنے کے سبب مہنگائی کا طوفان امڈ آیا آٹا چینی چاول دالیں مرغی گوشت گیس و دیگر روزمرہ استعمال ہونے والی چیزوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی بدترین مہنگائی نے دیہاڑی بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر صحبت پور کا صحت، تعلیم کے شعبوں کے علاوہ یوٹیلیٹی سٹورز کا اچانک دورہ

ہسپتال کے تفصیلی معائنہ کے دوران تمام وارڈز، لیبارٹری سمیت مختلف طبی سہولیات کا جائزہ لیا

ماچھی پور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر صحبت پور کیپٹن ریٹائرڈ فیاض علی کا ڈی ایچ کیو صحبت پور، گورنمنٹ ہائی سکول صحبت پور میں جاری امتحانی سینٹرز اور سستے آٹے کی فراہمی کے حوالے سے یوٹیلیٹی اسٹورز کا اچانک دورہ کیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ فیاض علی نے گورنمنٹ ہائی سکول صحبت پور میں اول جماعت تا نہم کے جاری امتحانات کے سلسلے میں مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کر کے جائزہ لیا اور امتحانات صاف شفاف بنانے اور وہاں تعینات عملہ کو تفصیل بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ریجنل مختب عملی شاہنواز خان کرانی بوداگار رہے ہیں

ثوب سول ہسپتال میں آنکھوں کے مریضوں کا علاج و معالجہ ممکن ہو گیا

ثوب (این این آئی) صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مطاخان کاکڑ کے خصوصی کوششوں سے سول ہسپتال ثوب میں مستحق و نادار مریضوں کا آنکھوں کے مفت آپریشن اور لینز لگائے جیں اس ماہ میں بھی مختلف نوعیت کے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

آنکھوں کی آپریشن اور بہترین کوالٹی کے لینز ڈلوانے کے لیے کراچی جانے کی ضرورت نہیں ہے

خاران (نمائندہ خصوصی) الابرار ایم آئی اسپتال انتظامیہ کے پریس ریلیز کے مطابق آنکھوں کی بہترین اور جدید آپریشن اور بہترین کوالٹی کے لینز ڈلوانے کے لیے کراچی جانے کی ضرورت نہیں ہے اب جبکہ کراچی کا مشہور اور تجربہ کار سرجن ڈاکٹر مرتضیٰ اب آپ کے شہر خاران میں فیکو سرجری 2 مارچ سے شروع کریں گے۔ لینز کی قیمت ہر طبقے کی قوت خرید کو مدنظر رکھ کر رکھا گیا ہے اور بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

گھر گھر قرآن مجید پہنچانا دینی فریضہ سمجھتے ہیں، مفتی عبدالصمد ساعد

ہرنائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی جنرل کونسل و مرکزی معاون سیکرٹری اطلاعات اسلامک رائٹرز فورم پاکستان مفتی عبدالصمد ساعد ضلعی ترجمان جے یو آئی محمد زاہد ترین نے کہا ہے کہ گھر گھر قرآن مجید پہنچانا دینی فریضہ سمجھتے ہیں، ہم نے مخیر حضرات کے تعاون سے سینکڑوں بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

گوادر واٹر ڈی سیلینیشن پلانٹ کی تعمیر کا تیزی سے جاری ہے، پسند خان بلیدی

گوادر شہر کے مکینوں کو 1.2 ملین گیلن یومیہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے واٹر ڈی سیلینیشن پلانٹ کی تعمیر پر کام تیزی سے جاری ہے

1.2 ملین گیلن یومیہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے واٹر ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ چین کی جانب سے 2 ارب روپے کی خطیر گرانٹ سے مکمل کیا جا رہا ہے

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی پسند خان بلیدی نے کہا ہے کہ گوادر شہر کے مکینوں کو 1.2 ملین گیلن یومیہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے واٹر ڈی سیلینیشن پلانٹ کی تعمیر پر کام تیزی سے جاری ہے اس منصوبے کا اب تک 75 فیصد کام مکمل ہو گیا ان خیالات کا اظہار انہوں زیر تعمیر واٹر پلانٹ کے دورے کے موقع پر بریفنگ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے اس موقع پر پروجیکٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر عبدالوحد بلوچ نے چیئرمین کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 1.2 ملین گیلن یومیہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے واٹر ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ چین کی جانب سے 2 ارب روپے کی خطیر گرانٹ سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ زیر تعمیر واٹر پلانٹ پروجیکٹ 1.2 ملین گیلن بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

رمضان شاہین کی ملازمت پر بحالی، پروقار تقریب کا انعقاد

اوتھل (این این آئی) ایپکا لسبیلہ کے سابق ضلعی صدر ایم رمضان شاہین کی ملازمت پر بحالی کی خوشی میں ایپکا لسبیلہ کی جانب سے رمضان شاہین کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد۔ تقریب میں ایپکا لسبیلہ، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن اور پاکستان ینگ اسپیشل اسٹاف ایسوسی ایشن کے عہدیداران و ممبران کی کثیر تعداد میں شرکت۔ رمضان شاہین کا پرتپاک استقبال کیا گیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں تفصیلات کے مطابق ایپکا لسبیلہ کے سابق ضلعی صدر ایم رمضان شاہین کی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

چھ روز گزرنے کے باوجود پی ٹی سی ایل کے ریپیٹر اسٹیشن کی مرمت کا کام شروع نہ ہو سکا

پنجگور (این این آئی) چھ روز گزرنے کے باوجود پی ٹی سی ایل کے ریپیٹر اسٹیشن کی مرمت کا کام شروع نہ ہو سکا ذرائع کے مطابق چھ روز قبل پنجگور اور تربت کے درمیان نامعلوم افراد نے پی ٹی سی ایل کے ریپیٹر اسٹیشن اور ٹاور کو تباہ کر دیا تھا جس سے پنجگور کیچ کے مختلف علاقوں کے ٹیلی فون ایکسچینج تا حال مکمل طور پر بند ہیں جس سے صارفین کے ہزاروں لینڈ لائن فون ڈیڈ ہو گئے ہیں موبائل فون کی سروس بھی شدید متاثر ہو گیا ہے اور پی ٹی سی ایل کے نیٹ سروس معطل ہونے سے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

آل پی ایم میڈیکل اسٹاف فیڈریشن کا ماہانہ میٹنگ، ڈی ایچ او ڈاکٹر فیاض احمد کی شرکت

ہرنائی (این این آئی) آل پی ایم میڈیکل اسٹاف فیڈریشن کا ماہانہ میٹنگ اور ڈی ایچ او کو چارج سنبھالنے پر مبارک باد اور پہلا تعارفی ملاقات کیا گیا تفصیلات کے مطابق آل پاکستان پی ایم میڈیکل اسٹاف فیڈریشن کا ماہانہ اجلاس ضلعی صدر عبدالودود ترین کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جسکی سعادت نجیب خان ترین نے حاصل کی۔ اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مسعود خان، غلام یزدانی ترین، محمد امین ترین، داد محمد ترین، بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

پاکستان میں غریب عوام پر مسلسل مہنگائی کا طوفان برپا کیا جا رہا ہے، میر لیاقت علی لہڑی

مہنگائی کے طوفان نے پسماندہ طبقے کیلئے دو وقت کی روٹی بھی مشکل بنا دی

مہنگائی ختم کرنے والے دعویداروں نے ایسی مہنگائی کر دی کہ ملک کو مکمل طور پر مفلوج بنا دیا

کوئٹہ (پ ر) سیاسی و قبائلی رہنما میر لیاقت علی لہڑی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستان میں غریب عوام پر مسلسل مہنگائی کا طوفان برپا کیا جا رہا ہے مہنگائی کے طوفان نے پسماندہ طبقے کیلئے دو وقت کی روٹی بھی مشکل بنا دی مہنگائی ختم کرنے والے دعویداروں نے ایسی مہنگائی کر دی کہ ملک کو مکمل طور پر مفلوج بنا دیا حالیہ بدترین مہنگائی میں غریب عوام دو وقت کی روٹی کیلئے ترس رہے ہیں ایک طرف بے روزگاری دوسری طرف خوفناک مہنگائی نے عوام کا جینا بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

آئی جی پولیس بلوچستان عبدالقادر شیخ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ ابو بکر کے ہمراہ کوئٹہ کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

بی کو سرسبز بنانے کیلئے تمام وسائل کو استعمال کریں گے، شاہد سلیم قریشی

درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے کیونکہ جب تک درخت لگا رہے گا، کمشنر بی ڈویژن

بی (این این آئی) کمشنر بی ڈویژن شاہد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ سرسبز ماحول ہماری بقا کیلئے ناگزیر ہے بی کو سرسبز بنانے کیلئے تمام وسائل کو استعمال کریں گے بی ڈویژن میں شجرکاری مہم کے دوران لگائے جانے والے درختوں کی حفاظت کے لئے آفیسران و سول سوسائٹی سمیت شہری اپنے ذمے داریوں کا احساس کریں شجرکاری مہم اور پودوں کی حفاظت کیلئے عوام میں بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

قلات میں منافع خوروں کا راج، مرغی کے گوشت کی قیمت میں ہوشربا اضافہ

فی کلو گوشت کی قیمت 700 روپے میں فروخت جاری، پرائس کنٹرول کمیٹی قیمتیں کنٹرول کرنے میں مکمل ناکام

قلات (این این آئی) قلات میں منافع خوروں کا راج، مرغی کے گوشت کی قیمت میں ہوشربا اضافہ، ایک کلو گوشت کی قیمت 700 روپے میں فروخت جاری، پرائس کنٹرول کمیٹی قیمتیں کنٹرول کرنے میں مکمل ناکام، سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد نہ کی چیزیں، مہنگائی کے ستائے شہریوں کی قوت خرید جواب دے چکی، نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

لورالائی، کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی چیف سیکرٹری کی زیر صدارت پروانشل سینسر کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا، زاہد سلیم

صوبے میں امن و امان برقرار رکھنے میں سیکورٹی اداروں کے کئی افسران و جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جن پر ہمیں فخر ہے

بی تبلیغی اجتماع میں شرکت کرنے والے ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے پیش نظر اجتماع گاہ کے اندر اور باہر سیکورٹی پر معمور پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں

بی (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا صوبے میں امن و امان برقرار رکھنے میں سیکورٹی اداروں کے کئی افسران و جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جن پر ہمیں فخر ہے ان کے مشن کو جاری رکھا جائے گا۔ بی تبلیغی اجتماع میں سیکورٹی کے حوالے سے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی بی تبلیغی اجتماع میں شرکت کرنے والے ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے پیش نظر اجتماع گاہ کے اندر اور باہر سیکورٹی پر معمور پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں اور سیکورٹی پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے تبلیغی اجتماع کے موقع پر ٹریفک کے نظام کو رواں رکھنے کے لئے متبادل انتظامات کریں۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل چیف بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

افراء امابوی ایشن کے صوبائی صدر حافظ نعمت اللہ نے بے یوائی کے بزرگ پارلیمنٹیرین سینیٹر مولانا فیض محمد ایم این اے مولانا کمال الدین علمی گفتگو کر رہے ہیں

نادرا آفس کو ضلع صحبت پور کی تحصیل فرید آباد میں قائم کیا جائے، میر ثناء اللہ خان کھوسہ

صحبت پور (نمائندہ شال) سابق ڈسٹرکٹ اٹارنی میر ثناء اللہ خان کھوسہ نے کہا ہے کہ نادرا آفس کو ضلع صحبت پور کی تحصیل فرید آباد میں قائم کیا جائے جو کی عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے فرید آباد گنجان آبادی والا علاقہ ہے اس بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

غلام سرور رودنجو کو کونسلر نامزد کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، بابر علی رودنجو و دیگر

اوتھل (نامہ نگار) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام میر کمال خان عالیانی کو میونسپل کمیٹی بیلہ کی کسان نشست پر جام گروپ کے نوجوان سرگرم رہنما غلام سرور رودنجو کو کونسلر نامزد کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار گوٹھ نمائی بیلا جام گروپ کے رہنماؤں بابر علی رودنجو اور آصف اقبال رودنجو و دیگر نیشنل پریس کلب بیلہ کے نوجوان صحافی اللہ داد رودنجو سے گفتگو بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں من مانا اضافہ

منچر (این این آئی) حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے جانے کے ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں من مانا اضافہ کر دیا گیا۔ کوئٹہ کراچی روٹ پر پبلک ٹرانسپورٹ چلانے والوں نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتے ہی مرضی کے کرایے وصول کرنا شروع کر دیے ہیں جب کہ سستی پبلک ٹرانسپورٹ بھی مہنگی ہو گئی ہے۔ پٹرولیم بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

سستا آٹا اور چینی عوام کی تذلیل کا باعث۔ یوٹیلیٹی اسٹورز انتظامیہ کی چاندی ہو گئی

لوگوں کی رش کی وجہ سے اہل افراد کے بجائے مقامی ہوٹل والوں کو فراہم کیا جا رہا ہے

صحبت پور (این این آئی) سستا آٹا اور چینی عوام کی تذلیل کا باعث۔ یوٹیلیٹی اسٹورز انتظامیہ کی چاندی ہو گئی۔ خریدنے والوں کی رش لگ گیا، رپورٹ کے مطابق صحبت پور مین بازار میں قائم یوٹیلیٹی اسٹور پر سستے آٹے اور چینی جس میں اہل افراد کو خشک دال بھی سرکاری قیمت پر فروخت کرنا ہے لوگوں کی رش کی وجہ سے اہل افراد کے بجائے مقامی ہوٹل والوں کو فراہم کیا جا رہا ہے۔ خریدنے والوں کی رش کی وجہ اور حکم بیل کی وجہ سے خواتین اور بزرگ افراد کی تذلیل کا سامنا کرنا بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کو اپنے اصل منشور روٹی کپڑا اور مکان کی طرف توجہ دینی ہوگی

عوام پر ٹیکس لگانے کی بجائے سرکاری مراعات کا خاتمہ کیا جائے، عبدالغفور جعفر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لورالائی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری عبدالغفور جعفر نے کہا ہے کہ قومی ترقی اور خوشحالی کے لئے مراعات یافتہ طبقات سے مراعات واپس لی جائیں، صدر، وزیر اعظم سمیت ججز، جرنیل اور ہر سرکاری ملازم کو عام آدمی کی طرح جینا ہوگا۔ ہماری معاشی اور اقتصادی گراوٹ کے ذمہ دار ہمارے حکمران طبقات ہیں، اس حکمرانی طبقہ میں سیاستدان، فوجی جرنیل، ججز، عدالتی افسران اور بیوروکریسی سب شامل ہیں، اس غاصب بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

اوتھل، جمعیت علماء اسلام کے تحصیل رکن صوبائی اسمبلی مکھی شام لعل لاسی کھانڈی بچاؤ بند کے جاری کام کا دورہ کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام تعصبات سے بالاتر ہو کر عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے

جمعیت کی یہ کوشش ہے کہ حقیقی معنوں میں عوام کی خدمت کرے، مکھی شام لعل لاسی

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے تحصیل رکن صوبائی اسمبلی و بلوچستان تحصیل کمیشن کے چیئرمین مکھی شام لعل لاسی نے اوتھل میں کھانڈی بچاؤ بند کا دورہ کیا اور بچاؤ بند کے جاری کام کا معائنہ کیا اس موقع پر مکھی شام لعل لاسی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ سیلاب سے کھانڈی سے متصل علاقوں بردی بلوچ گوٹھ، شمشان گھاٹ کو شدید نقصان ہوا تھا جسکو مدنظر رکھ کر یہاں پر بچاؤ بند کے لیے میں نے فنڈز جاری کیے جس پر کام جاری ہے انشاء اللہ جلد اس بچاؤ بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اسلام، 9 اشتہاری مجرموں سمیت 30 ملزمان گرفتار

مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون، بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ معہ ایمونیشن اور مال مسروقہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کنٹونمنٹ پولیس تھانہ سہالہ پولیس نے سنگین و دیگر جرائم میں ملوث 9 مجرمان اشتہاریوں سمیت موٹر سائیکل چوری، قبضہ مافیا، منشیات فروشی، ناجائز اسلحہ میں ملوث 30 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون، بھاری مقدار میں منشیات، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن اور مال مسروقہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

درخت ماحول پر خوش گوار اثرات مرتب کرتے ہیں درخت زمین کو کٹاؤ سے روکتے ہیں، یاسر حسین

ہر شہری ایک ایک درخت ضرور لگائیں اور شجرکاری مہم کو کامیاب کرانے میں اپنا موثر کردار ادا کریں

جھل مگسی (خ ن) اپنی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع کو سرسبز و شاداب بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے جسکے کیلئے ضلع بھر میں 3500 کے قریب درخت لگائے جائیں گے کیونکہ درخت زمین کا زیور ہیں درختوں کی حفاظت کر کے ہم ملک کو جنت الکفر بنا سکتے ہیں درخت ماحول پر خوش گوار اثرات مرتب کرتے ہیں درخت زمین کو کٹاؤ سے روکتے ہیں زمین کی خوبصورتی میں بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ملک و قوم تعلیم کے ذریعے ہی ترقی کے منازل طے کر سکتی ہے، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن

محکمہ تعلیم اپنے محدود وسائل میں رہ کر اساتذہ اور اسکولز کے مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے

شرح خواندگی بڑھانے کے لیئے عوام الناس کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، نواجد حسین بلوچ

اوتھل (نامہ نگار) ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) اوتھل نواجد حسین بلوچ نے کہا ہے کہ ملک و قوم تعلیم کے ذریعے ہی ترقی کے منازل طے کر سکتی ہے۔ محکمہ تعلیم اپنے محدود وسائل میں رہ کر اساتذہ اور اسکولز کے مسائل کے حل کے لیئے کوشاں ہے۔ اوتھل اور لاکھڑا میں اساتذہ کے رہائش ڈھونے پر کے، سکولز میں اساتذہ کی کمی ہے۔ شرح خواندگی بڑھانے کے لیئے عوام الناس کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے اپنے آفس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نواجد حسین نے کہا کہ ڈائریکٹر سکولز بلوچستان عبدالواحد شاکر بلوچ کی ذاتی کوششوں سے اساتذہ کو ترقیاں ملیں، اور دری کتب بھی کے، اضلاع میں میں مل چکی ہیں یہ سب ان کی علم دوستی کا ثبوت ہے۔ جب کہ ڈی ای او اسبیلہ حبیب اللہ براہویہ بھی اسبیلہ میں تعلیمی بہتری کے لیئے بھرپور کوشاں بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

سابقہ اہلیہ نے گواہی دی کہ ٹیریان عمران خان کی بیٹی ہے، حافظ حمد اللہ

نہ عمران خان مسلط ہوتا نہ آئی ایم ایف آتا، نہ عمران خان معاہدہ توڑتا نہ آج منی بجٹ آتا

منی بجٹ کا نام عمران بجٹ رکھا جائے، عمران کا فیض آئی ایم ایف، معیشت اور مہنگائی کی تباہی لایا، ترجمان پی ڈی ایم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے ترجمان حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ نہ عمران خان مسلط ہوتا نہ آئی ایم ایف آتا، نہ عمران خان معاہدہ توڑتا نہ آج منی بجٹ آتا، منی بجٹ کا نام عمران بجٹ رکھا جائے، عمران کا فیض آئی ایم ایف، معیشت اور مہنگائی کی تباہی لایا۔ اپنے بیان میں حافظ حمد اللہ نے کہا کہ آج مہنگائی عمران کا فیض جاری ہے، عمران کے فیض کے چرچے لندن میں بھی جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کے خلاف ڈیلی میل میں جھوٹی خبر شائع کرانے والے کے بارے میں ڈیلی میل میں بھی خبر شائع ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ اہلیہ نے گواہی دی کہ ٹیریان عمران خان کی بیٹی ہے لیکن آرٹیکل 62 اور 63 پر مکمل خاموشی طاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

عوام کو صحت کے شعبے میں مفت سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ارباب سید علی کاسی

ڈاکٹرز کو اپنی ڈیوٹی کا پابند بنانے کے لئے اقدامات کیئے جائیں گے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی

ہرنائی (بی این اے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارباب سید علی کاسی نے کہا ہے کہ محکمہ صحت میں عوام الناس کا بہتر علاج اور صحت کے شعبے میں انہیں مفت سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے اس سلسلے میں ضلعی سطح پر اصلاحات لانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال سمیت مراکز صحت میں دستیاب تمام تر سہولیات کو فعال بنا کر ان سے عوام کو مفت علاج کی سہولت دی جائے ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال سمیت تمام مراکز صحت میں عوام کے لئے علاج کی سہولیات کی دستیابی بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

دکی اور لورالائی کے لئے بجلی کے چار نئے فیڈرز کی منظوری مل گئی ہے

بہت جلد دو اور فیڈر بھی منظور کیے جائینگے، سردار زادہ محمد نعمان خان ناصر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر و ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر کیسکو بلوچستان سردار زادہ محمد نعمان خان ناصر نے کہا ہے کہ انکی کوششوں سے ستر کروڑ روپے کی لاگت سے پشتون بیلٹ کے چھ شہروں کے گریڈ اسٹیشن کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے جبکہ دکی اور لورالائی کے لیے بجلی کے چار نئے فیڈرز کی منظوری مل گئی ہے بہت جلد دو اور فیڈر بھی منظور کیے جائینگے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ کیسکو بورڈ آف گورنرز کے ممبر اور مسلم لیگ (ن) کے صوبائی نائب صدر سردار زادہ نعمان خان ناصر نے کہا ہے کہ دکی اور لورالائی سمیت حلقہ انتخاب کے لئے اپنی بساط کے مطابق عوام کے مسائل حل بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

مہنگائی کے بے قابو جن نے غریبوں کا جینا محال کر رکھا ہے، نعمت اللہ خان ظہیر

دنیا کے مختلف ممالک میں مہنگائی کے آسیب نے خوفناک صورتحال سے عوام کو دوچار کر رکھا ہے

کوئٹہ (آن لائن) مہنگائی کے بے قابو جن نے غریبوں کا جینا محال کر رکھا ہے، آسمان کو چھوتی ہوئی مہنگائی، بھوک و افلاس اور انتہائی شدید قسم کے غذائی بحرانوں نے عالمی سطح پر سر اٹھانا شروع کر دیا ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں مہنگائی کے آسیب نے خوفناک صورتحال سے عوام کو دوچار کر رکھا ہے۔ ان خیالات کا افسوس اظہار کے ایف انٹرنیشنل کے بانی اور تحفہ امتیاز نعمت اللہ خان ظہیر نے اپنے ایک اخباری بیان میں کیا کہ ملک پاکستان میں بھی مہنگائی کی شرح ساتویں آسمان پر پہنچ گئی ہے۔ تھوڑے عر